الشرف الواضح
شرح اردو
النحو الواضح
ابتدائیہ
جلد اوّل
مصنّف: علی الجارم و مصطفٰی امین
مترجم: ابوحمزہ محمد شریف

الشرف الواضح

شرح اردو

النحو الواضح

جلد اوّل

مصنف: علی الجارم و مصطفیٰ امین

مترجم: ابو حمزہ محمد شریف

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ---------------------- النشر الواضح شرح اردو النحو الواضح

مصنف: ---------------------- علی الجارم و مصطفیٰ امین

ناشر: ---------------------- مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ---------------------- لعل سٹار پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

فہرست

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجُمْلَةُ الْمُفِيْدَةُ (جملہ مفیدہ کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَلْبُسْتَانُ جَمِيْلٌ	باغ خوبصورت ہے۔
(۲)	اَلشَّمْسُ طَالِعَةٌ	سورج نکلنے والا ہے۔
(۳)	شَمَّ عَلِيٌّ وَرْدَةً	علی نے گلاب کا پھول سونگھا۔
(۴)	قَطَفَ مُحَمَّدٌ زَهْرَةً	محمد نے پھول توڑا۔
(۵)	يَعِيْشُ السَّمَكُ فِي الْمَاءِ	مچھلی پانی میں زندگی گذارتی ہے۔
(۶)	يَكْثُرُ النَّخِيْلُ فِيْ مِصْرَ	مصر میں کھجور کے درخت کثرت سے ہیں۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اِذَا تَاَمَّلْنَا التَّرْكِيْبَ الْاَوَّلَ وَجَدْنَاهُ يَتَرَكَّبُ مِنْ كَلِمَتَيْنِ" اِحْدَاهُمَا "اَلْبُسْتَانُ" وَالثَّانِيَةُ "جَمِيْلٌ" فَاِذَا اَخَذْنَا الْكَلِمَةَ الْاُوْلٰى وَحْدَهَا وَ هِيَ "اَلْبُسْتَانُ" لَمْ نَفْهُمْ اِلاَّ مَعْنًى مُفْرَدًا لَا يَكْفِيْ لِلتَّخَاطُبِ۔ وَ كَذَالِكَ الْحَالُ اِذَا اَخَذْنَا الْكَلِمَةَ الثَّانِيَةَ وَحْدَهَا وَ هِيَ "جَمِيْلٌ" وَ لٰكِنَّا اِذَا ضَمَمْنَا اِحْدَى الْكَلِمَتَيْنِ اِلَى الْاُخْرٰى عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ فِي التَّرْكِيْبِ۔ وَ قُلْنَا "اَلْبُسْتَانُ جَمِيْلٌ" فَهِمْنَا مَعْنًى كَامِلاً، وَاسْتَفَدْنَا فَائِدَةً تَامَّةً۔ وَ هِيَ اِتِّصَافُ الْبُسْتَانِ بِالْجَمَالِ، وَ كَذٰلِكَ يُسَمّٰى هٰذَا التَّرْكِيْبُ جُمْلَةً مُفِيْدَةً۔ وَ كُلٌّ وَاحِدَةً مِنَ الْكَلِمَتَيْنِ تَعُدُّ جُزْءً مِنْ هٰذِهِ الْجُمْلَةِ وَ هٰكَذَا يُقَالُ فِي الْاَمْثِلَةِ الْبَاقِيَةِ وَ بِهٰذَا نَرٰى اَنَّ الْكَلِمَةَ وَحْدَهَا لَا تَكْفِيْ فِي التَخَاطُبِ، وَ اَنَّهُ لَابُدَّ مِنْ كَلِمَتَيْنِ فَاَكْثَرَ حَتّٰى

يَسْتَفِيْدَ الْإِنْسَانُ فَائِدَةً تَامَّةً۔ وَ اَمَّا نَحْوُ: قُمْ، اِجْلِسْ، تَكَلَّمْ مِمَّا ظَاهِرُهُ اَنَّهُ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ كَافِيَةٌ فِيْ التخاطُبِ۔ فَلَيْسَ فِي الْحَقِيْقَةِ بِكَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ۔ وَ اِنَّمَا هُوَ جُمْلَةٌ مُرَكَّبَةٌ مِنْ كَلِمَتَيْنِ اِحْدَاهُمَا مَلْفُوْظَةٌ وَ هِيَ "قُمْ" مثلاً وَالْاُخْرٰى غَيْرُ مَلْفُوْظَةٍ وَ هِيَ اَنْتَ الَّتِي يَفْهَمُهَا السَّامِعُ مِنَ الْكَلَامِ وَ اِنْ لَمْ يُنْطَقْ بِهَا۔

جب ہم پہلی ترکیب میں غور وخوض کرتے ہیں تو اس کو دو کلموں سے مرکب پاتے ہیں۔ ان دونوں میں سے ایک اَلْبُسْتَانُ (باغ) اور دوسرا جَمِيْلٌ (خوبصورت) ہے تو جب ہم تنہا پہلے کلمے کو لیتے ہیں وہ البستان (باغ) ہے تو ہم ایسا مفرد معنی سمجھے کہ جو ہمکلام ہونے کے لیے کافی نہیں اور یہی حال دوسرے کلمے کا ہے جب ہم اس کو تنہا لیتے ہیں وہ جمیلٌ (خوبصورت) ہے اور لیکن جب ہم دونوں کلموں میں سے ایک کو دوسرے کے ساتھ ملاتے ہیں اس طریقے پر جو کہ ترکیب میں ہے تو ہم کہتے ہیں البستان جمیلٌ (باغ خوبصورت ہے) پس ہم مکمل معنی سمجھ لیتے ہیں اور مکمل فائدہ حاصل کر لیتے ہیں اور وہ معنی بستان (باغ) کا جمال (خوبصورتی) کے ساتھ متصف ہوتا ہے۔ اسی طرح اس ترکیب کا نام جملہ مفیدہ (مرکب مفید) رکھا جاتا ہے اور دونوں کلموں میں سے ہر ایک کلمہ اس جملہ کا جز (حصہ) شمار ہوتا ہے اور ایسے ہی باقی مثالوں میں کہا جائے گا اور اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ بے شک ایک کلمہ تنہا ہمکلام ہونے کے لیے کافی نہیں ہوتا، اور بے شک ضروری ہے ہمکلام ہونے کے لیے دو کلمے یا زیادہ اتنا کہ انسان پورا پورا فائدہ حاصل کر لیتا ہے۔ اور بہرحال جیسے قُمْ، اِجْلِسْ اور تَكَلَّمْ میں سے ہر ایک کا ظاہر یہ ہے کہ وہ ایک ہی کلمہ ہے جو کہ ہمکلام ہونے کے لیے کافی ہے حالانکہ حقیقت میں ایک کلمہ نہیں ہے، بلکہ وہ جملہ دو کلموں سے مرکب ہے۔ ان میں سے ایک کا تلفظ ہو سکتا ہے۔ اور وہ قم ہے اور دوسرے کا تلفظ نہیں ہو سکتا وہ کلمہ اَنْتَ ہے

کہ جس سے سننے والا سمجھ جاتا ہے اگر چہ اس کلمے کو بولا نہ گیا ہو۔

اَلْقَوَاعِدُ

(۱) اَلتَّرْكِيْبُ الَّذِىْ يُفِيْدُ فَائِدَةً تَامَّةً يُسَمَّى جُمْلَةً مُفِيْدَةً وَ يُسَمَّى اَيْضًا كَلَامًا۔

جس ترکیب (مرکب) سے پورا پورا فائدہ حاصل ہو تو وہ جملہ مفیدہ (مرکب مفید) کہلاتا ہے اور اس کو کلام بھی کہتے ہیں۔

(۲) اَلْجُمْلَةُ الْمُفِيْدَةُ قَدْ تَتَرَكَّبُ مِنْ كَلِمَتَيْنِ وَ قَدْ تَتَرَكَّبُ مِنْ اَكْثَرَ، وَ كُلُّ كَلِمَةٍ فِيْهَا تُعَدُّ جُزْءًا مِنْهَا۔

جملہ مفیدہ (مرکب مفید) کبھی تو دو کلموں سے مرکب ہوتا ہے اور کبھی وہ دو سے زیادہ کلموں سے مرکب ہوتا ہے اور اس جملے میں ہر ایک کلمہ اس جملے کا جز شمار ہوتا ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر۱)

اِقْرَاءِ الْاَمْثِلَةَ السَّابِقَةَ وَ بَيِّنْ عَدَدَ الْكَلِمَاتِ فِى كُلِّ مِثَالٍ۔

مذکورہ مثالوں کو پڑھئے اور ہر مثال میں کلمات کی تعداد بیان کیجئے۔

الجواب: پہلی اور دوسری (مثال) میں دو دو اور تیسری اور چوتھی میں تین، تین اور پانچویں اور چھٹی میں چار، چار کلمات ہیں۔

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

اِقْرَءِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ وَ بَيِّنِ الْكَلِمَاتِ فِىْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا

آنے والے (نیچے دیئے ہوئے) جملوں کو پڑھیے اور بتایئے کہ ہر ایک جملہ

میں کتنے کلمیں موجود ہیں۔

(۱) السَّمَآءُ مُمْطِرَةٌ

(۲) اَلْحَدِيْقَةُ جَمِيْلَةٌ

(۳) يَنْقَطِعُ الْمَطَرُ

(۴) يَسِيْرُ السَّحَابُ

(۵) تَطْلُعُ الشَّمْسُ

(۶) تَجُفُّ الْاَرْضُ

(۷) اَلطَّائِرُ فَوْقَ الشَّجَرَةِ

(۸) يَقْطِفُ عَلِيٌّ نِ الْاَزْهَارُ

(۹) يَلْعَبُ الْغِلْمَانُ بِالْكُرَةِ

(۱۰) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَآءِ

(۱۱) تَسِيْرُ السُّفُنُ فِي الْبِحَارِ

(۱۲) يَشْتَدُّ الْبَرْدُ فَوْقَ الْجِبَالِ

الجواب: پہلے چھ جملوں میں دو، دو جب کہ ساتویں اور آٹھویں جملہ میں تین تین کلمات اورنویں جملے سے بارہویں تک ہر جملے میں چار چار کلمات موجود ہیں۔

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

مَيِّزِ الْجُمَلَ الْمُفِيْدَةَ فِي التَّرَاكِيْبِ الْآتِيَةِ۔

آنے والی ترکیبوں میں سے مفید جملوں کو الگ الگ کیجئے۔

(۱) لَيْسَ الْجَوُّ (۲) اَكَلَ فَرِيْدٌ

(۳) اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ (۴) اِنِ اجْتَهَدْتَ

(۵) لَيْتَ الْمَرِيْضَ (۶) اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ

(۷) اَلْكِتَابُ الَّذِیْ (۸) اَلْبِنْتُ الْمُتَعَلِّمَةُ

الجواب: مندرجہ بالا مثالوں میں صرف تین مفید جملے موجود ہیں۔

اَكَلَ فَرِيْدٌ اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ

اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ

التمرين ۴ (مشق نمبر۴)

اَجْعِلْ كُلَّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ الْآتِيَةِ جُمْلَةً مُفِيْدَةً بِوَضْعِ كَلِمَةٍ مُلَائِمَةٍ فِي الْمَكَانِ الْخَالِيْ۔

نیچے آنے والی مثالوں میں میں خالی جگہ پر مناسب کلمہ رکھ کر ہر مثال کو مفید جملہ بنائیں۔

(۱) اَلْعُصْفُوْرُ ...... الْقَفَص (۲) اَلْوَلَدُ...... الْفَاكِهَةَ

(۳) اَلثَّوْرُ ... الْاَرْض (۴) اَلْوَلَدُ الْمُهَذَّبُ ......

(۵) اَلْحِذَاءُ الضَّيِّقُ...... (۶) اَلْقَمَرُ...... السَّمَاء

حل:

(۱) اَلْعُصْفُوْرُ فِي الْقَفَص

(۲) اَلْوَلَدُ يَشْتَرِی الْفَاكِهَةَ

(۳) اَلثَّوْرُ يَحْرِثُ الْاَرْضَ

(۴) اَلْوَلَدُ الْمُهَذَّبُ يُكْرِمُ وَالِدَيْهِ

(۵) اَلْحِذَاءُ الضَّيِّقُ يُؤْلِمُ الْاٰدَمِيَّ

(۶) اَلْقَمَرُ فِي السَّمَاءِ

التمرين ۵ (مشق نمبر۵)

(۱) ضَعْ كُلَّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ مُرَكَّبَةٍ مِنْ كَلِمَتَيْنِ۔

آنے والے کلمات میں سے ہر کلمے کو ایسے مفید جملہ میں رکھیں جو دو کلموں سے مرکب ہو۔

اَلْحَدِيْقَةُ۔ الشَّجَرَةُ۔ اَلْاَزْهَارُ۔ اَلشَّمْسُ

حل:

اَلْحَدِيْقَةُ بَعِيْدَةٌ　　اَلْاَزْهَارُ مَقْطُوْفَةٌ

اَلشَّجَرَةُ ظَلِيْلَةٌ　　اَلشَّمْسُ طَالِعَةٌ

(۲) ضَعْ كُلَّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ مُرَكَّبَةٍ مِنْ اَكْثَرَ مِنْ كَلِمَتَيْنِ۔

نیچے آنے والے کلمات میں سے ہر ایک کلمے کو ایسے جملہ مفیدہ میں رکھیں کہ جو دو سے زائد کلموں سے مرکب ہو۔

اَلْمَاءُ۔ اَلْفَاكِهَةُ۔ يَلْعَبُ۔ يَرْكَبُ

حل: (دو سے زائد کلمات سے مرکب جملے)

(۱) اَلْمَاءُ يَخْرُجُ مِنْ تَحْتِ الْاَرْضِ

(۲) اِشْتَرىٰ زَيْدُنِ الْفَاكِهَةَ لِاَبِيْهِ

(۳) اَلْوَلَدُ يَلْعَبُ فِي الْمِيْدَانِ

(۴) بَكْرٌ يَرْكَبُ عَلَى الْفِيْلِ

التمرين ۲ (مشق نمبر ۲)

اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ كَلِمَتَيْنِ، وَ بِثَلَاثٍ بِكُلٍّ مِنْهَا ثَلَاثُ كَلِمَاتٍ، ثُمَّ بِثَلَاثٍ بِكُلٍّ مِنْهَا اَرْبَعُ كَلِمَاتٍ۔

تین جملے ایسے بناؤ کہ ان میں سے ہر ایک دو کلموں سے مرکب ہو اور تین جملے

ایسے بناؤ کہ ان میں سے ہر ایک تین کلمات سے مرکب ہو پھر تین جملے ایسے بناؤ کہ ان میں سے ہر ایک چار کلمات سے مرکب ہو۔

حل: (دو کلموں سے مرکب جملے)

(۱) ضَرَبَ زَيْدٌ

(۲) اَلْفِيْلُ جِيْفَةٌ

(۳) شَرِبَ حَمْزَةُ

(۲) وہ جملے جو تین کلموں سے مرکب ہیں۔

(۱) اَلطَّائِرُ يَطِيْرُ فِي الْهَوَاءِ

(۲) اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فِي الْمَسْجِدِ

(۳) يَلْعَبُ الطِّفْلُ بِالْهِرَّةِ

(۳) وہ جملے جو چار کلمات سے مرکب ہیں۔

(۱) جَاءَنِي زَيْدٌ رَاكِبًا عَلَى الْحِصَانِ

(۲) ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا ضَرْبًا شَدِيْدًا

(۳) هٰذِهِ امْرَأَةٌ الَّتِي جَاءَتْ مِنْ مَكَّةَ

ooo

اَجْزَاءُ الْجُمْلَةِ (جملے کے اجزاء)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	رَكِبَ اِبْرَاهِيْمُ الْحِصَانَ	ابراہیم گھوڑے پر سوار ہوا۔
(۲)	يُدَاعِبُ اِسْمَاعِيْلُ الْقِطَّ	اسماعیل بلی سے کھیلتا ہے۔
(۳)	يَحْصُدُ الْفَلَّاحُ الْقَمْحَ	کسان گندم کاٹتا ہے۔
(۴)	تَاْكُلُ الشَّاةُ فُوْلاً وَ شَعِيْرًا	بکری لوبیا اور جو کھاتی ہے۔
(۵)	سَمِعْتُ النَّصِيْحَةَ	میں نے نصیحت سنی۔
(۶)	يَسْطَعُ النُّوْرُ فِي الْحُجْرَةِ	کمرے میں روشنی پھیل جاتی ہے۔
(۷)	تَجْرِي السَّفِيْنَةُ عَلَى الْمَاءِ	کشتی پانی پر چلتی ہے۔
(۸)	هَلْ تُحِبُّ السَّفَرَ	کیا تم سفر کرنا پسند کرتے ہو۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

عَرَفْنَا فِيْ مَا مَضٰى اَنَّ الْجُمْلَةَ الْمُفِيْدَةَ تَتَرَكَّبُ مِنْ اَجْزَاءٍ هِيَ الْكَلِمَاتُ۔ وَ نُرِيْدُ اَنْ نَعْرِفَ فِيْ هٰذَا الدَّرْسِ اَنْوَاعَ الْكَلِمَاتِ فَنَقُوْلُ: اِذَا بَحَثْنَا فِي الْجُمَلِ الَّتِيْ مَعَنَا وَجَدْنَا اَنَّ الْكَلِمَاتِ اِبْرَاهِيْمَ، وَ اِسْمَاعِيْلَ وَالْفَلَّاحَ، اَلْفَاظٌ تُسَمّٰى بِهَا اَشْخَاصٌ، وَ اَنَّ الْكَلِمَاتِ الْحِصَانَ، وَالْقِطَّ۔ وَالشَّاةَ، اَلْفَاظٌ تُسَمّٰى بِهَا اَنْوَاعٌ مِنَ الْحَيْوَانِ، وَ اَنَّ الْقَمْحَ، وَالْفُوْلَ وَالشَّعِيْرَ اَلْفَاظٌ تُسَمّٰى بِها اَنْوَاعٌ مِنَ النَّبَاتِ، وَاَنَّ الْحُجْرَةَ، وَالسَّفِيْنَةَ، وَالْمَاءَ، اَلْفَاظٌ تُسَمّٰى بِها اَنْوَاعٌ مِنَ الْجَمَادِ وَ اَنَّ النَّصِيْحَةَ وَالنُّوْرَ وَالسَّفَرَ اَلْفَاظٌ تُسَمّٰى بِها

اَنْوَاعٌ اُخْرٰى مِنَ الْمَعَانِي۔ وَ لِذٰلِكَ تُسَمَّى كُلُّ كَلِمَةٍ مِن هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ اِسْمًا وَ كَذٰلِكَ كُلُّ كَلِمَةٍ يُسَمَّى بِهَا اِنْسَانٌ اَوْ حَيْوَانٌ اَوْ نَبَاتٌ اَوْ جَمَادٌ، اَوْ اَىُّ شَىْءٍ آخَرَ۔

نَعُودُ لِلْجُمَلِ مَرَّةً ثَانِيَةً فَنَجِدُ اَنَّ كُلَّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ: رَكِبَ وَ يُدَاعِبُ، يَحْصُدُ وَ تَأْكُلُ تَدُلُّ عَلٰى حُصُوْلِ فِعْلٍ فِى زَمَنٍ خَاصٍ فَلَفْظُ رَكِبَ مَثَلاً يَدُلُّ عَلَى الرُّكُوبِ فِى الزَّمَنِ الْمَاضِى وَ يُدَاعِبُ يَدُلُّ عَلَى الْمُدَاعَبَةِ فِى الزَّمَنِ الْحَاضِرِ اَوِ الْآتِى وَ هَلُمَّ جَرًّا، وَ لِذٰلِكَ تُسَمَّى كُلُّ كَلِمَةٍ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ فِعْلاً وَ عِنْدَ تَأَمُّلِ الْجُمَلِ الثَّلاثِ الْاَخِيْرَةِ، نَجِدُ اَنَّ الْكَلِمَاتِ: فِىْ وَ عَلٰى وَ هَلْ اِذَا نُطِقَ بِكُلٍّ مِنْهَا وَحَدَهُ لَمْ يُفْهَمْ لَهُ مَعْنًى كَامِلٌ وَ اِذَا نُطِقَ بِكُلٍّ مِنْهَا فِى جُمْلَتِهٖ ظَهَرَ مَعْنَاهُ كَامِلاً، وَ تُسَمَّى كُلُّ كَلِمَةٍ مِنْ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ الثَّلاثِ حَرْفًا وَ كَذٰلِكَ كُلُّ الْكَلِمَاتِ الَّتِىْ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ۔

گذشتہ بحث میں ہم یہ بات جان چکے ہیں کہ جملہ مفیدہ جن اجزاء سے مرکب ہوتا ہے وہ کلمات ہیں۔اب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہم اس سبق میں کلمات کی اقسام کو پہچانیں، پس ہم کہتے ہیں۔ جب ہم گفتگو کرتے ہیں ان جملوں کے بارے میں جو کہ ہمارے پاس ہیں تو ہم یہ بات پاتے ہیں کہ بے شک کلمات یعنی ابراہیم، اسماعیل اور فلاح ایسے الفاظ ہیں کہ جو اشخاص کہلاتے ہیں اور حصان، قط اور شاۃ جیسے کلمات کا نام حیوان کی انواع میں سے رکھا جاتا ہے اور قمح، فول اور شعیر ایسے الفاظ کا نام نباتات کی انواع میں سے رکھا جاتا ہے اور حجرہ، سفینہ اور ماء ایسے الفاظ ہیں کہ ان کا نام جمادات کی انواع سے رکھا گیا ہے اور النصیحہ، النور والسفر ایسے الفاظ ہیں جن کا نام یہ ہے کہ وہ معانی کی

دوسری اقسام میں ہیں۔اسی وجہ سے ان کلمات میں سے ہر کلمے کا نام اسم رکھا گیا ہے۔اسی وجہ سے ہر اسم کا نام انسان یا حیوان یا نباتات یا جمادات یا کوئی دوسری چیز رکھا جاتا ہے۔

ہم دوبارہ ان جملوں کی طرف غور وخوض کے لیے آتے ہیں پس ہم ان کلمات یعنی رکب، یداعب، یحصد اور تاکل میں سے ہر کلمہ ایک خاص زمانے میں فعل کے صدور پر دلالت کرتا ہے مثلاً رَکِبَ کا لفظ رکوب (سوار ہونے پر) پھر زمانہ گذشتہ میں سوار ہونے پر دلالت کرتا ہے اور یُدَاعِبُ زمانہ موجودہ یا آئندہ میں ملاعبۃ (کھیل کود) پر دلالت کرتا ہے، اسی طرح باقی کلمات ہیں اور اسی وجہ سے اس قسم میں سے ہر کلمہ کا نام فعل رکھا گیا ہے اور آخری تین جملوں میں غور وخوض کرتے وقت یہ بات دیکھتے ہیں کہ فِي، عَلٰی اور هَلْ جیسے کلمات میں جب ہر ایک کو اکیلا بولا جائے تو اس کا کوئی معنیٰ سمجھ میں نہیں آتا اور جب ان میں سے ہر ایک کو اس کے جملے میں بولا جائے تو اس کا ایک مکمل معنیٰ ظاہر ہو جاتا ہے تو ان تینوں کلمات میں سے ہر ایک کلمے کا نام حرف رکھا جاتا ہے اور ایسے ہی اس قسم کے تمام کلمات کا حکم ہیں۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۳) اَلْكَلِمَةُ ثَـلَاثَةُ اَنْوَاعٍ: اِسْمٌ و فِعْلٌ وَ حَرْفٌ

(ا) فَالْاِسْمُ: كُلُّ لَفْظٍ يُسَمَّى بِهِ اِنْسَانٌ اَوْ حَيْوَانٌ، اَوْ نباتٌ اَوْ جَمَادٌ اَوْ اَیُّ شیءٌ آخَرُ

(ا) پس اسم ہر وہ لفظ ہے کہ جس کا نام انسان یا حیوان یا نباتات یا جمادات یا کوئی دوسری چیز رکھ دیا جائے۔

(ب) وَالْفِعْلُ: كُلُّ لَفْظٍ يَدُلُّ عَلٰى حُصُوْلِ عَمَلٍ فِي زَمَنٍ خَاصٍ۔

(ب) فعل: ہر ایسا لفظ ہے ''کہ جو کسی خاص زمانے میں فعل (کام) کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔''

(ج) وَالْحَرْفُ: كُلُّ لَفْظٍ لَا يَظْهَرُ مَعْنَاهُ كَامِلاً إِلَّا مَعَ غَيْرِهٖ۔

(ج) حرف: ہر ایسا ''لفظ ہے کہ اس کا پورا معنی اپنے غیر کے ساتھ ملائے بغیر ظاہر نہیں ہوتا۔''

تمرينات (مشقیں)

تمرين ۱۔ (مشق نمبر ۱)

اِقْرَاءِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ وَ بَيِّنِ الْاَسْمَآءَ الَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى اَشْخَاصٍ، وَالَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى حَيْوَانٍ وَالَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى نَبَاتٍ وَالَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى جَمَادٍ۔

آنے والے جملوں کو پڑھیئے اور ان ناموں کو بیان کیجئے کہ کون سے نام اشخاص پر اور کون سے حیوان پر اور کونسے نباتات اور کونسے جمادات پر دلالت کرتے ہیں۔

(۱) فَرِيْدٌ يَجْرِيْ فِي الشَّارِعِ
(۲) يُحِبُّ الْوَلَدُ الْبُرْتُقَالَ
(۳) عَلِيٌّ يَرْكَبُ الْحِمَارَ
(۴) يَحْتَرِقُ الْحَطَبُ
(۵) اَلْكَلْبُ يَنَامُ فِي الْبُسْتَانِ
(۶) يَتَسَلَّقُ الْغِلْمَانُ الْجَبَلَ
(۷) اِفْتَرَسَ الذِّئْبُ كَبْشًا
(۸) يَسْبَحُ الْاَوْلَادُ فِي الْبَحْرِ
(۹) اَلثَّعْلَبُ يَاْكُلُ الدَّجَاجَ

(١٠) اَلْحَدِيْدُ يَذُوْبُ فِي النَّارِ

(١١) اَلْبُسْتَانِيُّ يَجْمَعُ الْاَزْهَارَ

(١٢) اَلْمِدَادُ فِي الدَّوَاةِ

حل:

(١) اَلْاَسْمَآءُ الَّتِي تَدُلُّ عَلٰى اَشْخَاصٍ (وہ نام جو کہ اشخاص پر دلالت کرتے ہیں)
مِنْهَا فَرِيْدٌ وَ الْوَلَدُ و عَلِيٌّ، الْغِلْمَانُ، الْبُسْتَانِيُّ، الْاَوْلَادُ

ان ناموں میں سے فرید، اَلْوَلَد (لڑکا) علی، الغلمان (لڑکے)، البستانی (مالی)، اَلْاَوْلاد (لڑکے) ایسے نام ہیں جو اشخاص پر دلالت کرتے ہیں۔

(٢) اَلْاَسْمَآءُ الَّتِي تَدُلُّ عَلٰى حَيْوَانٍ (وہ نام جو حیوانات پر دلالت کرتے ہیں)
ان ناموں میں سے گدھا، کتا، بھیڑیا، مینڈھا، لومڑ اور مرغی ہیں۔
مِنْهَا اَلْحِمَارُ، اَلْكَلْبُ، اَلذِّئْبُ، كَبْشًا، اَلثَّعْلَبُ، الدَّجَاجُ

(٣) اَلْاَسْمَاءُ الَّتِي تَدُلُّ عَلٰى نَبَاتٍ مِنْهَا الْبُسْتَانِ، اَلْبَرْتَقَالَ، اَلْاَزْهَارُ
وہ نام جو نباتات پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے باغ، مالٹا اور پھول ہیں۔

(٤) اَلْاَسْمَآء تَدُلُّ عَلٰى جَمَادٍ مِنْها الشَّارِعُ، اَلْحَطَبُ، اَلْجَبَلُ، اَلْبَحْرُ، اَلدَّوَاةُ، اَلْمِدَادُ، اَلْحَدِيْدُ، اَلنَّارُ

وہ اسما جو جمادات پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے سڑک، لکڑی، پہاڑ، سمندر، دواۃ، روشنائی، لوہا اور آگ ہیں۔

تمرین (٢) مشق نمبر٢

اِقْرَاءِ الْجُمَلَ الآتِيَةَ وَ مَيِّزِ الْاَسْمَاءَ وَالْاَفْعَالَ وَالْحُرُوْفَ۔
آنے والے جملوں کو پڑھیے اور اسماء، افعال اور حروف کو الگ الگ کیجیے۔

(۱) یَفْتَحُ مُحَمَّدٌ الْبَابَ

(۲) یَشْتَرِیْ التَّاجِرُ الْقُطْنَ

(۳) یَزْرَعُ الْفَلَّاحُ الْقَصَبَ

(۴) یَقْرَاءُ سَعِیْدٌ نِ الْکِتَابَ

(۵) یَدْخُلُ الْهَوَاءُ فِی الْحُجْرَةِ

(۶) اَلثَّمَرُ یَتَسَاقَطُ عَلَی الْاَرْضِ

(۷) اَلثَّوْرُ یَحْرُثُ الْاَرْضَ

(۸) تُصْنَعُ الْاَحْذِیَةُ مِنَ الْجِلْدِ

(۹) اَلْعُصْفُوْرُ یُغَرِّدُ عَلَی الشَّجَرَةِ

(۱۰) یَذْهَبُ الْاَغْنِیَاءُ اِلٰی اَوْرُبَا

حل:

(۱) اَلْاَسْمَاءُ: مُحَمَّدٌ، اَلْبَابَ، التَّاجِرُ، اَلْقُطْنَ، الْفَلَّاحُ، اَلْقَصَبَ، سَعِیْدٌ، اَلْکِتَابَ۔

(۲) اَلْاَفْعَالُ: یَفْتَحُ، یَشْتَرِیْ، یَزْرَعُ، یَقْرَاءُ، یَدْخُلُ، یَتَسَاقَطُ، تُصْنَعُ، یَحْرُثُ، یُغَرِّدُ، یَذْهَبُ۔

(۳) اَلْحُرُوْفُ: فِی، عَلٰی، مِنْ، اِلٰی۔

تمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

ا۔ اِیْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ مَبْدُوْءَةٍ بِاَسْمَاءٍ تَدُلُّ عَلٰی اَشْخَاصٍ۔

پانچ ایسے جملے بنائیں کہ جو ایسے اسموں سے شروع ہو رہے ہوں کہ جو اشخاص پر دلالت کریں۔

جملے

(۱) خَالِدٌ يَقُوْلُ اَنَا اٰتِيْكَ غَدًا

(۲) اَحْمَدٌ يَّشْتَرِى الْاَشْيَاءَ مِنَ السُّوْقِ

(۳) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَ يَدِهٖ

(۴) اَلْمُؤْمِنُ لَايُلْدَغُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ

(۵) اَلْمُجَاهِدُ يُقَاتِلُ لِغَلَبَةِ الدِّيْنِ

۲۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ تَنْتَهِىْ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمْ بِاِسْمٍ يُدُلُّ عَلٰى حَيْوَانٍ

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ہر ایک جملہ ایسے اسم پر ختم ہو کہ جو حیوان پر دلالت کرے۔

جملے

(۱) هَرَبْتُ فِى الْغَابَةِ مِنْ خَوْفِ الْاَسَدِ

(۲) اَنَا وَ عَلِىٌّ رَكِبْنَا عَلَى الْجَمَلِ

(۳) حَلَبْتُ النَّاقَةَ

(۴) لَا يُسْتَعْمَلُ لِلطَّهَارَةِ سُؤْرُ الْكَلْبِ

(۵) نَحْنُ نَسْتَمِدُّ لِلزَّرْعِ بِالثَّوْرِ

۳۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ تَبْتَدِئُ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا بِاِسْمٍ يَدُلُّ عَلٰى حَيْوَانٍ۔

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں ہر ایک جملہ جس اسم سے شروع ہو وہ کسی حیوان پر دلالت کرے۔

جملے

(۱) اَلْهِرَّةُ حَيْوَانٌ مِسْكِيْنٌ

(۲) اَلْبَقَرَةُ تَاْكُلُ الْاَزْهَارَ

(۳) اَلْفِيلُ حَيَوانٌ كَبِيرٌ وَلٰكِنْ ذَنَبُهٗ قَصِيرٌ

(۴) اَلْاَسَدُ حَيَوَانٌ مُفْتَرِسٌ

(۵) اَلثَّعْلَبَةُ تَأْكُلُ الدَّجَاجَةَ

۴۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ تَنْتَهِي كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا بِاسْمٍ يَدُلُّ عَلٰى نَبَاتٍ۔
پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں ہر جملہ ایسے اسم پر ختم ہو کہ جو کسی نباتات پر دلالت کرتا ہو۔

(۱) اَلْفَلَّاحُ يَزْرَعُ الْقُمُحَ

(۲) اَلْفِيلُ يَأْكُلُ الْقَصَبَ السُّكَّرَ

(۳) اَلْغَنَمُ تَأْكُلُ الْوَرْدَةَ

(۴) اِشْتَرَيْتُ مِنَ الْفَلَّاحِ عَلَفًا

(۵) اَلْوَلَدُ يُحِبُّ الْمَوْزَ

تمرین ۴ (مشق نمبر ۴)

۱۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ۔
ایسے پانچ جملے بنائیں کہ ان میں ہر ایک جملہ فعل سے شروع ہو رہا ہو۔

جملے

(۱) ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا

(۲) طَعِمْتُ خُبْزًا بِاللَّبَنِ

(۳) ذَهَبَ خَالِدٌ اِلٰى لَاهُوْرَ

(۴) خَرَجَ زَيْدٌ مِنْ بَيْتِهٖ

(۵) جَاءَنِي زَيْدٌ اَمْسِ

۲۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ يَتَوَسَّطُ كُلًّا مِنْهَا فِعْلٌ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں ہر ایک درمیان فعل ہو۔

(۱) زَیْدٌ ضَرَبَكَ

(۲) خَالِدٌ ذَهَبَ بِهٖ

(۳) اَلطِّفْلُ یَقْطِفُ الْاَزْهَارَ

(۴) اَنَا اَشُمُّ الْوَرْدَةَ

(۵) نَحْنُ نُطْعِمُ الْمَسَاكِيْنَ

۳۔ اِیْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ یَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِحَرْفٍ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ حرف سے شروع ہو رہا ہو۔

جملے

(۱) بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ

(۲) عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ

(۳) وَبِكَ نَسْتَعِیْنُ

(۴) عَلَیْكُمْ بِسُنَّتِیْ

(۵) اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

۴۔ اِیْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ یَتَوَسَّطُ كُلًّا مِنْهَا بِحَرْفٍ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک کے درمیان میں حرف ہو۔

جملے

(۱) اَلْفُلْكُ یَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ

(۲) اَلنُّغَیْرُ یَفْرَحُ بِالْاَزْهَارِ

(۳) سَافَرْتُ بِالْقِطَارِ

(۴) جَلَسْتُ عَلَی السَّرِیْرِ

(۵) اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ

تمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

۱۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ اِسْمَيْنِ لَيْسَ غَيْرُ

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں ہر ایک جملہ دو اسموں سے مرکب ہو زائد نہ ہو۔

جملے

(۱) اَلنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ

(۲) اَللَّيْلُ مُضِيْئَةٌ

(۳) اَلْحَدِيْقَةُ جَمِيْلَةٌ

(۴) اَلشَّاةُ نَظِيْفَةٌ

(۵) اَلْفِيْلُ جِيْفَةٌ

۲۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ اِسْمٍ وَ فِعْلٍ لَيْسَ غَيْرُ

ایسے پانچ جملے بنائیے ان میں ہر ایک جملہ، ایک اسم اور فعل سے مرکب ہو۔

جملے

(۱) الصَّبِيُّ يَبْكِي

(۲) اَلطَّائِرُ يَطِيْرُ

(۳) السَّارِقُ مَفْرُوْرٌ

(۴) اَلشَّيْطَانُ مَغْرُوْرٌ

(۵) اَلْاُسْتَاذُ مَوْجُوْدٌ

۳۔ اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ اِسْمٍ وَ فِعْلٍ وَ حَرْفٍ

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں ہر ایک جملہ ایک اسم ایک فعل اور ایک حرف

سے مرکب ہو۔

جملے

(۱) مَرَرْتُ بِزَيْدٍ
(۲) كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ
(۳) ذَهَبْتُ بِاَحْمَدَ
(۴) قَطَعْتُ بِالسِّكِّيْنِ
(۵) سَرَقَ السَّارِقُ مِنْ بَيْتِي

تمرين ٦ (مشق نمبر ٦)

(ل) اَلْجُمَلُ الْآتِيَةُ يَحْتَاجُ كُلٌّ مِّنْهَا اِلٰى اِسْمٍ، فَضَعِ الْاِسْمَ الْمُنَاسِبَ فِي الْمَكَانِ الْخَالِيْ

آنے والے جملوں میں سے ہر ایک جملہ ایک اسم کا محتاج ہے، پس خالی جگہ میں مناسب اسم رکھیں۔

جملے

(۱) اَلْعُصْفُوْرُ مَسْجُوْنٌ فِي الْبَيْتِ
(۲) يَقْرَأُ مُحَمَّدٌ الْقُرْآنَ
(۳) اَلْحِصَانُ يَجُرُّ الْعَرَبَةَ
(۴) اَلْفَارَةُ تَخَافُ مِنَ الْهِرَّةِ
(۵) تَبِيْضُ الدَّجَاجَةُ
(۶) يُطِيْعُ الْوَلَدُ اَبَاهُ
(۷) يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ

(۸) يَسْبَحُ السَّمَكُ فِي الْمَاءِ

(ب) اَلْجُمَلُ الْآتِيَةُ يَحْتَاجُ كُلٌّ مِنْهَا اِلٰى فِعْلٍ فَضَعِ الْفِعْلَ الْمُنَاسِبَ فِي الْمَكَانِ الْخَالِيِّ۔

خالی جملے

(۱) اَلْحِصَانُ ...... الشَّعِيْرَ
(۲) اَلثَّوْرُ ...... الْعَجَلَةَ
(۳) ...... مَحْمُوْدُ الْغُصْنَ
(۴) اَلطَّبِيْبُ ...... الْمَرِيْضَ
(۵) اَلْمَرِيْضُ ...... الشفاء
(۶) اَلْوَلَدُ ...... بِالْكُرَةِ
(۷) ...... اَلنَّجَارُ بَابًا۔
(۸) اَلْخَادِمُ ...... النَّافِذَةَ

مکمل حل

(۱) اَلْحِصَانُ يَأْكُلُ الشَّعِيْرَ
(۲) اَلثَّوْرُ لَا يَجُرُّ الْعَجَلَةَ
(۳) قَطَعَ مَحْمُوْدُ نِ الْغُصْنَ
(۴) اَلطَّبِيْبُ يُدَاوِي الْمَرِيْضَ
(۵) اَلْمَرِيْضُ يَدْعُ الشِّفَاءَ
(۶) اَلْوَلَدُ يَرْضِى بِالْكُرَةِ
(۷) نَصَبَ النَّجَّارُ بَابًا
(۸) اَلْخَادِمُ يَغْلَقُ النَّافِذَةَ

(ج) اَلْجُمَلُ الْآتِيَةُ يَحْتَاجُ كُلٌّ مِنْهَا اِلٰى حَرْفٍ فَضَعِ الْحَرْفَ الْمُنَاسِبَ فِي الْمَكَانِ الْخَالِي۔

آنے والے جملوں میں ہر ایک جملہ ضرورت مند ہے، ایک حرف کا، پس مناسب حرف خالی جگہ میں رکھیں۔

نامکمل جملے

(۱) یَسبَحُ الْغُلَامُ ...... النَّھْرِ (۲) یَذْھَبُ التِلْمِیْذُ ...... الْمَدْرَسَۃ

(۳) قَطَعْتُ الْحَبْلَ ...... السَّکِین (۴) یَعُوْدُ الْغَرِیْبُ ...... بَلَدِہٖ

(۵) نَامَ الطِفْلُ ...... اَلسَّرِیْرِ (۶) یَرْضِی الْمُعَلِّمَ ...... التِلْمِیْذُ المَؤَدِّب

مکمل جملے

(۱) یَسْبَحُ الْغُلَامُ فِی النَّھرِ

(۲) یَذْھَبُ التِّلمِیْذُ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ

(۳) قَطَعْتُ الْحَبْلَ بِالسِّکِیْنِ

(۴) یَعُوْدُ الْغَرِیْبُ اِلٰی بَلَدِہٖ

(۵) نَامَ الطِّفلُ عَلَی السَّرِیْرِ

(۶) یَرْضَی الْمُعَلِّمُ بِالتِلْمِیْذِ الْمُؤَدِّبِ

تمرین ۷ (مشق نمبر ۷)

ا۔ کَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ بِحَیْثُ تَکُوْنُ کُلُّ جُمْلَۃٍ مِنھَا مُرَکَّبَۃٌ مِن اِسْمَیْنِ

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ہر جملہ دو اسموں سے مرکب ہو۔

جملے

(۱) خَالِدٌ شَاھِدٌ

(۲) حَامِدٌ ذَکِیٌّ

(۳) فَاطِمَۃٌ نَائِمَۃٌ

(۴) اَلْحَارِسُ اَمِیْنٌ

(۵) اَلْوَلَدُ صَالِحٌ

۲۔ كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ بِحَيْثُ تَكُوْنُ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةً مِن اِسْمَيْنِ وَفِعْلٍ
ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ دو اسموں اور ایک فعل سے مرکب ہو۔

جملے

(۱) خَالِدٌ يُنْفِقُ مَالَهٗ
(۲) ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا
(۳) رَكِبَ زَيْدٌ نِ الْحِصَانَ
(۴) سَرَقَ اللِّصُّ الْمَالَ
(۵) الشَّمْسُ يُضِيْئُ الْعَالَمَ

۳۔ كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا عَلَى الْاَنْوَاعِ الثَّلَاثَةِ لِلْكَلِمَةِ (پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ہر جملہ کلمہ کی تینوں قسموں پر مشتمل ہو۔)

جملے

(۱) مَرَّ زَيْدٌ بِخَالِدٍ
(۲) زَيْدٌ عَلَى السَّقْفِ
(۳) لَا تَبُلْ فِي الشَّارِعِ
(۴) كَرِيْمٌ فِي الْبَيْتِ
(۵) قَطَعْتُ الثَّوْبَ لِزَيْدٍ

☆☆☆

تَقْسِيمُ الْفِعْلِ بِاِعْتِبَارِ زَمَنِهِ

(فعل کی تقسیم اس کے زمانے کے اعتبار سے)

(۱) اَلْفِعْلُ الْمَاضِي (فعل ماضی)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	جَرَى الْكَلْبُ	کتا دوڑا۔
(۲)	وَقَفَ الرَّجُلُ	آدمی ٹھہرا۔
(۳)	ضَاعَ الْكِتَابُ	کتاب ضائع ہوئی۔
(۴)	دَقَّتِ السَّاعَةُ	گھنٹی بجی۔
(۵)	جَاءَتِ الْبِنْتُ	لڑکی آئی۔
(۶)	بَاضَتِ الدَّجَاجَةُ	مرغی نے انڈا دیا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَأَمَّلِ الْكَلِمَاتِ الْأُولٰى فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ تَجِدُهَا اَفْعَالاً لِاَنَّ كُلاًّ مِّنْهَا يَدُلُّ عَلَى حَصُولِ عَمَلٍ فِي زَمَنٍ خَاصٍ۔ وَ اِذَا تَدَبَّرْتَ هٰذَا الزَّمَنَ فِي كُلٍّ مِنْهَا وَجَدْتَهُ زَمَنًا مَاضِيًا فَكَلِمَةُ "جَرَى" فِي الْمِثَالِ الْاَوَّلِ تَدُلُّ عَلَى الْجَرْيِ فِي الزَّمَنِ الَّذِيْ مَضٰى قَبْلَ التَّكَلُّمِ، وَ كَلِمَةُ "وَقَفَ" فِي الْمِثَالِ الثَّانِيْ تَدُلُّ عَلَى الْوُقُوْفِ فِي الزَّمَنِ الَّذِى مَضٰى قَبْلَ التَّكَلُّمِ اَيْضًا وَ هَلُمَّ جَرًّا وَ لِذٰلِكَ تُسَمّٰى كُلُّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ "فِعْلاً مَاضِيًا" وَ كَذٰلِكَ جَمِيْعُ الْكَلِمَاتِ الَّتِيْ مِنْ هٰذَا

النَّوعِ۔

گذشتہ مثالوں کے پہلے کلمات پر غور کیجئے آپ ان کو فعل پائیں گے اس لیے کہ اُن میں سے ہر ایک کسی خاص زمانے میں کام کے حصول پر دلالت کرتا ہے اور جب آپ ان تمام کلمات میں زمانوں پر غور وخوض کرتے ہیں تو ہر ایک میں زمانہ ماضی پاتے ہیں۔ پس جری کا کلمہ پہلی مثال میں زمانہ گذشتہ میں چلنے پر دلالت کرتا ہے، کلام کرنے سے پہلے اور وقف کا کلمہ بھی دوسری مثال میں زمانہ گذشتہ میں کلام کرنے سے پہلے وقوف پر دلالت کرتا ہے یہی بات سب میں ہے اور اسی طرح تمام کلمات میں سے ہر کلمہ کا نام فعل ماضی ہے رکھا جاتا ہے اسی طرح ہی اس قسم کے تمام کلمات ہیں۔

۴۔ اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

اَلْفِعْلُ الْمَاضِی هُوَ كُلُّ فِعْلٍ يَدُلُّ عَلَى حُصُوْلِ عَمَلٍ فِی الزَّمَنِ الْمَاضِی۔

"فعل ماضی ہر وہ فعل ہے کہ جو زمانہ گذشتہ میں کسی کام کے حاصل ہونے پر دلالت کرے۔"

(۲) اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ (فعل مضارع کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) اَغْسِلُ يَدَيَّ — میں اپنے ہاتھ دھوتا ہوں۔

(۲) اَلْبَسُ ثِيَابِی — میں اپنے کپڑے پہنتا ہوں۔

(۳) نَلْعَبُ بِالْكُرَةِ — ہم گیند کے ساتھ کھیلتے ہیں۔

(۴) نَمْشِیُ فِی الْحُقُوْلِ — ہم کھیتوں میں چلتے ہیں۔

(۵) يَنْبَحُ الْكَلْبُ — کتا بھونکتا ہے۔

(۶) يُنَبِّهُ الْحَارِسُ — چوکیدار خبردار کرتا ہے۔

(۷) تَأْكُلُ الْبِنْتُ — لڑکی کھاتی ہے۔

(۸) تَذْبُلُ الْوَرْدَةُ — گلاب کا پھول مرجھا رہا ہے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ الْأُولٰى فِي الْأَمْثِلَةِ السَّابِقَة كُلُّهَا أَفْعَالٌ لِأَنَّ كُلًّا مِّنْهَا يَدُلُّ عَلٰى عَمَلٍ فِي زَمَنٍ خَاصٍ وَ إِذَا تَدَبَّرْتَ هٰذَا الزَّمَنَ الْخَاصَ فِي كُلٍّ مِنْهَا وَجَدْتَهُ إِمَّا حَاضِرًا وَ إِمَّا مُسْتَقْبَلاً۔ فَالْفِعْلُ "اَغْسِلُ" يَدُلُّ عَلٰى حُصُوْلِ الْغُسْلِ فِي الزَّمَنِ الْحَاضِرِ أَوِ الْمُسْتَقْبَلِ اَلْفِعْلُ "أَلْبَسُ" يَدُلُّ عَلٰى حُصُوْلِ اللُّبْسِ فِي الزَّمَنِ الْحَاضِرِ أَوِ الْمُسْتَقْبَلِ وَ يُسَمّٰى كُلُّ فِعْلٍ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ "فِعْلاً مُضَارِعًا"

وَ إِذَا نَظَرْتَ إِلَى الْحَرْفِ الْأَوَّلِ فِي كُلِّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَفْعَالِ وَ أَشْبَاهِهَا وَجَدْتَهُ هَمْزَةً اونونًا أَوْيَاءً او تَاءً وَتُسَمّٰى هٰذِهِ الْأَحْرُفُ الْأَرْبَعَةُ "أَحْرُفُ الْمُضَارِعَةِ"

گذشتہ تمام مثالوں میں پہلے کلمات سارے افعال ہیں اس لئے ان میں سے ہر ایک ایک خاص زمانے میں کسی کام پر دلالت کرتا ہے اور جب آپ اس خاص زمانے میں غور وخوض کرتے ہیں ان میں سے ہر ایک کو آپ یا تو زمانہ موجود یا زمانہ آئندہ پاتے ہیں۔ پس "اغسل" فعل زمانہ موجود یا آئندہ میں غسل کے فعل کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اَلْبَسُ فعل زمانہ موجود یا آئندہ میں لُبس کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے تو پس اس نوع میں سے ہر فعل کا نام فعل مضارع رکھا جاتا ہے۔

جب آپ ان افعال اور ان کے مشابہ افعال میں پہلے حرف کی طرف توجہ کرتے ہیں تو آپ اس حرف کو ہمزہ یا نون یا یاء یا تاء پاتے ہیں، پس انہی چار حروف کا نام حروف مضارعہ رکھا جاتا ہے۔

(۵) اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ هُوَ كُلُّ فِعْلٍ يَدُلُّ عَلٰى حُصُوْلِ عَمَلٍ فِي الزَّمَنِ الْحَاضِرِ اَوِ الْمُسْتَقْبِلِ وَ لَا بُدَّ اَنْ يَكُوْنَ مَبْدُوْءً بِحَرْفٍ مِنْ اَحْرُفِ الْمُضَارِعَةِ وَ هِيَ الْهَمْزَةُ وَالنُّوْنُ وَالْيَاءُ وَالتَّاءُ۔

فعل مضارع ہر وہ فعل ہے کہ جو زمانہ موجود یا آئندہ میں کسی کام کے حاصل ہونے پر دلالت کرے اور یہ بات بھی ضروری ہے کہ وہ انہی حروفِ مضارعہ یعنی ہمزہ، نون، یاء اور تاء سے شروع ہوتا ہو۔

(۳) فِعْلُ الْاَمْرِ (فعل امر کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اِلْعَبْ بِالْكُرَةِ	گیند کے ساتھ کھیل
(۲)	اَطْعِمْ قِطَّكَ	اپنے بلے کو کھانا کھلا
(۳)	نَظِّفْ ثِيَابَكَ	اپنے کپڑے صاف کر
(۴)	نَمْ مُبَكِّرًا	جلدی سو جاؤ
(۵)	تَمَهَّلْ فِي السَّيْرِ	آرام سے چلو
(۶)	اَجِدْ مَضْغَ الطَّعَامِ	کھانے کو خوب چباؤ

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ الْاُوْلٰى فِي الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ اَفْعَالٌ لِاَنَّ كُلًّا مِّنْهَا يَدُلُّ عَلٰى

حُصُوْلِ عَمَلٍ فِي زَمَنٍ خَاصٍ۔

وَ إِذَا تَدَبَّرْنَا هٰذِهِ الْأَفْعَالَ وَجَدْنَا الْمُتَكَلِّمَ فِي كُلٍّ مِنْهَا يَطْلُبُ مِنَ الْمُخَاطَبِ وَ يَأْمُرُهُ أَنْ يَأْتِيَ عَمَلاً فِي الزَّمَنِ الْمُسْتَقْبَلِ وَ مِنْ أَجَلِ ذٰلِكَ يُسَمَّى كُلُّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَفْعَالِ "فِعْلُ أَمْرٍ" فَالْفِعْلُ "اِلْعَبْ" فِي الْمِثَالِ الْأَوَّلِ يُطْلَبُ بِهِ مِنَ الْمُخَاطَبِ إِتْيَانُ اللَّعْبِ فِي الزَّمَنِ الْمُسْتَقْبَلِ وَ هُوَ لِذٰلِكَ فِعْلُ أَمْرٍ، وَالْفِعْلُ "أَطْعِمْ" فِي الْمِثَالِ الثَّانِيْ يُطْلَبُ بِهِ مِنَ الْمُخَاطَبِ حُصُوْلُ الْإِطْعَامِ فِي الزَّمَنِ الْمُسْتَقْبَلِ، وَ هُوَ لِذٰلِكَ فِعْلُ أَمْرٍ أَيْضًا، وَ هٰذَا يُقَالُ فِي بَقِيَّةِ الْأَفْعَالِ السَّابِقَةِ۔

پہلے دی گئی مثالوں کے پہلے کلمات افعال ہیں اس لیے اُن میں سے ہر ایک خاص زمانے میں کام کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

جب ہم ان افعال میں غور وخوض کرتے ہیں تو ہم ان افعال میں سے ہر ایک فعل میں متکلم کو دیکھتے ہیں کہ وہ مخاطب سے مطالبہ کرتا ہے اور اس کو حکم کرتا ہے کہ وہ کام کو زمانہ آئندہ میں کرے۔اسی وجہ سے ان تمام افعال میں سے ہر فعل کا نام فعل امر رکھا جاتا ہے، پس اِلْعَبْ فعل جو پہلی مثال میں ہے اس میں مخاطب سے کھیلنے کا مطالبہ کیا گیا ہے زمانہ مستقبل میں اور وہ اسی وجہ سے فعل امر ہے، اور اَطْعِمْ فعل جو کہ دوسری مثال میں موجود ہے اس کے ساتھ مخاطب سے کھانا کھلانے کا مطالبہ زمانہ مستقبل میں کیا گیا ہے اور وہ بھی اسی وجہ سے فعل امر ہے اور اسی طرح گذشتہ باقی تمام افعال میں کہا جائے گا۔

(٦) اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

فِعْلُ الْأَمْرِ هُوَ فِعْلٌ يُطْلَبُ بِهِ حُصُوْلُ شَيْءٍ فِي الزَّمَنِ الْمُسْتَقْبَلِ۔

فعل امر وہ فعل ہے کہ جس کے ساتھ مطالبہ کیا جاتا ہے کسی شے کے حاصل

کرنے کا زمانہ آئندہ میں۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین نمبر ۱ (مشق نمبر ۱)

اِقْرَاءِ الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةَ وَ مَيِّزِ الْأَفْعَالَ الْمَاضِيَةَ وَالْأَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ وَالْأَفْعَالَ الْأَمْرَ۔

آنے والی عبارات کو پڑھیئے اور ماضی، مضارع اور امر کے فعلوں کو الگ الگ کیجئے۔

(۱) جَنَى الْفَلَّاحُ قُطْنَهُ وَ بَاعَهُ ثُمَّ اشْتَرٰى بِبَعْضِ ثَمَنِهٖ مَا يَحْتَاجُ اِلَيْهِ

(۲) نَظَرَ الطِّفْلُ اِلَى الطَّائِرِ وَ هُوَ يَطِيْرُ فِي السَّمَآءِ فَاَحَبَّ اَنْ يَطِيْرَ مِثْلَهُ

(۳) هَبَّتِ الْعَوَاصِفُ لَيْلًا فَاَطْفَاَتِ الْمَصَابِيْحَ وَاقْتَلَعَتْ بَعْضَ الْاَشْجَارِ

(۴) سَطَا الذِّئْبُ عَلَى الْغَنَمِ فَافْتَرَسَ وَاحِدَةً وَ فَرَّ هَارِبًا۔

(۵) اُدْخُلِ الْبُسْتَانَ وَ مَتِّعْ نَفْسَكَ بِمَنْظَرِهٖ، وَ لَا تَعْبَثْ بِاَزْهَارِهٖ وَ ثِمَارِهٖ

(۶) لَا تُكْثِرْ مِنَ الْكَلَامِ وَ لَا تَنْطِقْ بِمَا لَا تَعْلَمُ۔

(۷) اِغْسِلْ يَدَيْكَ قَبْلَ الْاَكْلِ وَ بَعْدَهٗ، وَ نَظِّفْ اَسْنَانَكَ وَ لَا تُدْخِلِ الطَّعَامَ عَلَى الطَّعَامِ

حل:

اَلْاَفْعَالُ الْمَاضِيَةُ: جَنٰى، بَاعَ، اِشْتَرٰى، نَظَرَ، اَحَبَّ، هَبَّتْ۔

اَلْاَفْعَالُ الْمُضَارِعَةُ: يُحَلِّقُ، يَحْتَاجُ، يَطِيْرُ۔

اَلْاَفْعَالُ الْاَمْرِ: اُدْخُلْ، مَتِّعْ، اِغْسِلْ، نَظِّفْ۔

اَلْاَفْعَالُ النَّهْيُ: لَا تُكْثِرْ، لَا تَعْلَمْ، لَا تُدْخِلْ، لَا تَنْطِقْ۔

تمرین ۲ (مشق نمبر۲)

(۱) ضَعْ قَبْلَ كُلِّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ اَوْ بَعْدَهُ فِعْلاً مَاضِياً يُلَائِمُهُ

آگے آنے والے اسماء میں سے ہراسم کے سامنے یا بعد ایسا فعل ماضی رکھیں جو اس کے مناسب ہو۔

اَلْغُصْنُ، اَلزُّجَاجُ، اَلْقَلَمُ، اَلشَّمْسُ، اَلْقِطَارُ، اَلْبَحْرُ، اَلثَّمَرُ، اَلْمِصْبَاحُ

حل:

اِنْكَسَرَتِ الْغُصْنُ	اَلزُّجَاجُ سَقَطَ
ضَاعَ الْقَلَمُ	كَسَفَتِ الشَّمْسُ
جَاءَ الْقِطَارُ	اَلْبَحْرُ فَاضَ
حَمُضَ الثَّمَرُ	اِتَّقَدَ الْمِصْبَاحُ

(۲) ضَعْ قَبْلَ كُلِّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ اوبَعْدَهُ مُضارِعًا يُلائِمُهُ

آگے آنے والے اسماء میں سے ہراسم سے پہلے یا بعد اس کے مناسب فعل مضارع رکھیں۔

اَلرِّيْحُ، اَلْغُبَارُ، اَلْهِلَالُ، اَلْاِنَاءُ، اَلْمِصْبَاحُ، اَلنَّهْرُ، اَلسَّفِيْنَةُ، اَلْقَلَمُ

حل:

تَهِبُّ الرِّيْحُ	يَمْتَلِى النَّهْرُ
يَنْتَشِرُ الْغُبَارُ	يَطْلُعُ الْهِلَالُ
تَقِفُ السَّفِيْنَةُ	يَفِيْضُ الْاِنَاءُ
يَكْتُبُ الْقَلَمُ	يَطْفَأُ الْمِصْبَاحُ

تمرین ۳ (مشق نمبر۳)

(ا) ضَعْ فِعْلاً مُضَارِعًا فِي الْمَكَانِ الْخَالِي مِمَّايَاتِيْ۔

(۱) الفارة ...... من القط (۲) الکلب ...... وراء صاحبه

(۳) الدجاجه ...... کل یوم بیضة۔ (۴) الام ...... اولادها۔

حل:

(۱) اَلْفَارَةُ تَخَافُ مِنَ الْقِطِّ

(۲) اَلدُّجَاجَةُ تَبِيْضُ كُلَّ يَوْمٍ

(۳) اَلْكَلْبُ يَمْشِيْ وَرَاءَ صَاحِبِهٖ

(۴) اَلْاُمُّ تُطْعِمُ اَوْلَادَهَا

(ب) ضَعْ فِعْلًا مَاضِيًا فِي الْمَكَانِ الْخَالِي مِمَّا يَأْتِيْ۔

(۱) اَلْوَلَدُ ...... الْجُلُوْسَ (۲) اَلرَّجُلُ ...... فِي النَّهْرِ

(۳) اَلْخَادِمُ ...... الْحُجْرَةَ (۴) عَلِيٌّ ...... اِلٰى فَرَنْسَا

حل:

(۱) اَلْوَلَدُ اِخْتَصَرَ الْجُلُوْسَ

(۲) اَلرَّجُلُ غَسَلَ فِي النَّهْرِ

(۳) اَلْخَادِمُ غَسَّلَ الْحُجْرَةَ

(۴) عَلِيٌّ ذَهَبَ اِلٰى فَرَنْسَا

تمرین ۴ (مشق نمبر ۴)

(۱) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مَبْدُوءَةٌ بِفِعْلٍ مَاضٍ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل ماضی سے شروع ہو رہا ہو۔

جملے

(۱) جَاءَ بَكْرٌ مِنَ الْبَيْتِ

(۲) شَرِبْتُ لَبَنًا خَالِصًا

(۳) اَكْرَمَ زَيْدٌ لِضَيْفِهِ

(۴) سَفَرَ الْخَادِمُ اِلَى بَيْتِهِ

(۵) عَالَجَ حَمِيْدٌ خَالِدًا

(۲) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مَبْدُوْءَةٌ بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل مضارع کے ساتھ شروع ہو۔

جملے

(۱) يَحْصُدُ الْفَلَّاحُ الزَّرْعَ

(۲) تُنْبِتُ الْاَرْضُ كُلَّ شَيْءٍ

(۳) يَكْتُبُ الرَّجُلُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ

(۴) يَذْهَبُ خَالِدٌ اِلَى صَدِيْقِهِ

(۵) يُؤَذِّنُ الْمُؤَذِّنُ لِلصَّلٰوةِ

(۳) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ كُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا فِعْلٌ اَمْرٍ۔

ایسے پانچ جملے بنائیے کہ ہر ایک جملے میں فعل امر موجود ہو۔

جملے

(۱) اِرْجِعِي اِلَى رَبِّكِ

(۲) فَادْخُلِي فِي عِبَادِي

(۳) سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

(۴) اِذْهَبْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ

(۵) كُلُوْا وَاشْرَبُوْا

تمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

اِیْتِ بِاَرْبَعِ جُمَلٍ بِکُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ، بِحَیْثُ تَکُوْنُ اَحْرُفُ الْمُضَارَعَةِ فِی الْاَفْعَالِ الْاَرْبَعَةِ مُخْتَلِفَةً۔

چار جملے ایسے بنائیے کہ ان میں ہر ایک میں فعل مضارع اس حیثیت سے ہو کہ اس کے حروف مضارعہ مختلف ہوں۔

جملے

(۱) نَحْنُ نَعْبُدُ اللّٰهَ وَ نَسْتَعِیْنُهٗ

(۲) یُقِیْمُوْنَ الصَّلَاةَ

(۳) أَکُلُ السَّمَکَ

(۴) اَاَنْتَ تُکْرِمُ الْاَسَاتِذَةَ

تمرین ۶ (مشق نمبر ۶)

(ا) اُکْتُبِ الْجُمَلَ الْآتِیَةَ بَعْدَ تَغْیِیْرِ کُلِّ فِعْلٍ مَاضٍ فِیْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ

آنے والے جملوں کو فعل ماضی سے فعل مضارع کے ساتھ تبدیل کر کے لکھیں۔

(۱) سَارَ الْقِطَارُ	(۲) طَارَ الصَّقْرُ
(۳) سَافَرَ وَالِدِیْ	(۴) مَرِضَ الْغُلَامُ
(۵) نَزَلَ الْمَطَرُ	(۶) عَطِشَ الزَّرْعُ

حل:

(۱) یَسِیْرُ الْقِطَارُ	(۲) یَطِیْرُ الصَّقْرُ
(۳) یُسَافِرُ وَالِدِیْ	(۴) یَمْرَضُ الْغُلَامُ
(۵) یَنْزِلُ الْمَطَرُ	(۶) یَعْطَشُ الزَّرْعُ

(ب) اُكْتُبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ بَعْدَ تَغْيِيرِ كُلِّ فِعْلٍ مُضَارِعٍ بِفِعْلٍ مَاضٍ۔
آنے والے جملوں میں سے ہر ایک کو فعل مضارع سے فعل ماضی کے ساتھ تبدیل کریں۔

(۱) يُغَرِّدُ الْعُصْفُوْرُ
(۲) يُثْمِرُ الْبُسْتَانُ
(۳) يَبِيْعُ التَّاجِرُ اللَّبَنَ
(۴) تُنَظِّفُ الْبِنْتُ ثِيَابَهَا
(۵) يَغْسِلُ الْوَلَدُ يَدَيْهِ
(۶) يَجْنِي الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

حل: فعل ماضی

(۱) غَرَّدَ الْعُصْفُوْرُ
(۲) بَاعَ التَّاجِرُ اللَّبَنَ
(۳) غَسَلَ الْوَلَدُ يَدَيْهِ
(۴) اَثْمَرَ الْبُسْتَانُ
(۵) نَظَّفَ الْبِنْتُ ثِيَابَهَا
(۶) جَنَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

(ج) حَوِّلِ الْمُضَارِعَ فِي الْجُمَلَ الْآتِيَةِ اِلٰى فِعْلِ اَمْرٍ وَاضْبِطِ الْاَمْرَ بِالشَّكْلِ
آنے والے جملوں میں فعل مضارع کو فعل امر کی طرف تبدیل کریں اور فعل امر پر اعراب بھی لگائیں۔

(۱) أَحْتَرِمُ الْمُعَلِّمَ
(۲) اَحْفَظُ الدَّرْسَ

(۳) اُنَظِّفُ الْحِذَاءَ

(۴) اَقْرَأُ فِی الْکِتَابِ

(۵) اَشْتَغِلُ فِی الْحَدِیْقَۃِ

(۶) اَنْطِقُ بِالصِّدْقِ

الافعال الامر

(۱) اِحْتَرِمِ الْمُعَلِّمَ

(۲) اِحْفَظِ الدَّرْسَ

(۳) نَظِّفِ الْحِذَآءَ

(۴) اِقْرَاْءْ فِی الْکِتَابِ

(۵) اِشْتَغِلْ فِی الْحَدِیْقَۃِ

(۶) اِنْطِقْ بِالصِّدْقِ

تمرین ۷(مشق نمبر ۷)

(۱) ضَعْ کُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِیَۃِ فِی جُمْلَۃٍ مُفِیْدَۃٍ مُرَکَّبَۃٍ مِن ثَلاَثِ کَلِمَاتٍ فَاَکْثَرَ۔

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کو ایسے جملہ مفیدہ میں رکھیں کہ جو تین کلمات سے زائد ہو۔

خَرَجَ، یَلْبَسُ، تَسْتَخْرِجُ، تَغْسِلُ، اِسْتَرَاحَ

حل:

(۱) خَرَجَ زَیْدٌ مِنَ الْبَیْتِ

(۲) خَالِدٌ یَلْبَسُ ثَوْبًا نَظِیْفًا فِی کُلِّ وَقْتٍ

(۳) اَشِیْءٌ اَنْ تَسْتَخْرِجَ مِنْ هٰذَا الْبَلَدِ

(۴) هَلْ تَغْسِلُ اَثْيَابَكَ بَعْدَ الْاُسْبُوْعِ

(۵) جَاءَ الْمُسَافِرُ وَاسْتَرَاحَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

(۲) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ فِي مَوْضُوْعِ الْاَسَدِ تَبْتَدِئُ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا بِفِعْلٍ مَاضٍ۔

شیر کے موضوع پر پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ہر جملہ فعل ماضی سے شروع ہو رہا ہو۔

حل:

(۱) خَرَجَ الْاَسَدُ مِنَ الْغَابَةِ

(۲) دَخَلَ الْاَسَدُ فِي الْقَرْيَةِ

(۳) نَظَرَ الْاَسَدُ غَنَمًا صَغِيْرًا

(۴) اِفْتَرَسَ الْاَسَدُ عَلَى الْغَنَمِ

(۵) شَرِبَ الْاَسَدُ دَمَ الْغَنَمِ وَاَكَلَ لَحْمَهُ

(۳) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ فِي مَوْضُوْعِ النَّهْرِ تَبْتَدِئُ كُلَّ جُمْلَةٍ مِّنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ۔

دریا کے موضوع پر پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ہر جملہ فعل مضارع سے شروع ہو رہا ہو۔

(۱) يَغْتَسِلُ الْاَوْلَادُ عِنْدَ الظَّهِيْرَةِ كُلَّ يَوْمٍ فِي النَّهْرِ

(۲) يَفِيْضُ مَاءُ النَّهرِ فِي اَيَّامِ الْمَطَرِ

(۳) اَذْهَبُ اِلَى النَّهْرِ لِصَيْدِ السَّمَكِ كُلَّ يَوْمٍ

(۴) تَجْرِى الْفُلْكُ فِي النَّهْرِ فِى كُلِّ مَوْسَمٍ۔

(۵) يَقِلُّ مَاءُ النَّهْرِ فِي الشِّتَاءِ

(۴) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ تَأْمُرُ فِيْهَا تِلْمِيْذًا بِخَمْسَةِ اَعْمَالٍ تَرْتَبِطُ بِالْمَدْرَسَةِ

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ جن میں شاگرد کو مدرسے سے متعلق پانچ کاموں کا حکم

دیا گیا ہو۔

حل:

(۱) یَا تِلْمِیْذُ اِذْهَبْ اِلَی الْمَدْرَسَةِ مُبَکِّرًا

(۲) اِسْتَمِعْ نَصَائِحَ اَسَاتِذَتِكَ بِالْقَلْبِ

(۳) نَظِّفْ غُرْفَتَكَ کُلَّ یَوْمٍ

(۴) سَلِّمْ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ مَنْ لَقِیْكَ فِی الْمَدْرَسَةِ

(۵) تَکَلَّمْ اَمَامَ اُسْتَاذِكَ بِالْاَدَبِ

اَلْفَاعِلُ (فاعل کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) طَارَ الْعُصْفُوْرُ چڑیا اُڑی۔

(۲) جَرَی الْحِصَانُ گھوڑا دوڑا۔

(۳) لَعِبَ الْوَلَدُ لڑکا کھیلا۔

(۴) يَعُوْمُ السَّمَكُ مچھلی تیرتی ہے۔

(۵) يَلْسَعُ الْبَعُوْضُ مچھر ڈنگ مارتے ہیں۔

(۶) تَأْكُلُ الْبِنْتُ لڑکی کھاتی ہے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَمْثِلَةُ السَّابِقَةُ كُلُّهَا جُمَلٌ وَكُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا تَتَكَوَّنُ مِنْ فِعْلٍ وَ اِسْمٍ، وَ اِذَا بَحَثْنَا فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى نَرٰى اَنَّ الَّذِي طَارَ هُوَ الْعُصْفُوْرُ، وَالَّذِيْ جَرٰى هُوَ الْحِصَانُ وَالَّذِيْ لَعِبَ هُوَ الْوَلَدُ۔ فَيَكُوْنُ الْعُصْفُوْرُ هُوَ الَّذِي فَعَلَ الطَّيَرَانَ، وَالْحِصَانُ هُوَ الَّذِيْ فَعَلَ الْجَرْيَ، وَالْوَلَدُ هُوَالَّذِي فَعَلَ اللَّعِبَ وَلِذٰلِكَ يُسَمّٰى كُلٌّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الثَّلَاثَةِ "فَاعِلًا" وَ كَذَا يُقَالُ فِي بَقِيَّةِ الْاَمْثِلَةِ وَ اِذَا نَظَرْنَا اِلٰى كُلِّ اِسْمٍ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ وَجَدْنَاهُ مَسْبُوْقًا بِفِعْلٍ وَ وَجَدْنَاهُ مَرْفُوْعًا۔

گذشتہ تمام مثالیں جملے ہیں اور اُن میں سے ہر جملہ ایک اسم اور ایک فعل سے مل کر بنا ہوا ہے جب ہم پہلی تین مثالوں کے متعلق تحقیق گفتگو کرتے ہیں تو ہم

دیکھتے ہیں کہ اُن میں سے پہلے جملہ میں جو چیز اڑنے والی ہے وہ چڑیا ہے اور دوسری مثال میں جو دوڑنے والی ہے وہ گھوڑا ہے جب کہ تیسری مثال میں جو کھیلنے والا ہے وہ لڑکا ہے۔پس چڑیا وہ ہوگی کہ جس نے اڑنے کا کام کیا، اور گھوڑا وہ ہوگا جس نے دوڑنے کا کام کیا اور لڑکا وہ ہوگا جس نے کھیلنے کا کام کیا اور اسی وجہ سے ان تینوں اسماء کا نام فاعل رکھا جاتا ہے اور باقی مثالوں میں بھی اسی طرح کہا جائے گا اور جب ہم گذشتہ مثالوں میں ہر اسم کی طرف توجہ کرتے ہیں تو ہم اس کو فعل کے بعد دیکھتے ہیں اور اس کے آخری حرف کو مرفوع پاتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۷) اَلْفَاعِلُ اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ تَقَدَّمَهُ فِعْلٌ وَدَلَّ عَلَى الَّذِیْ فَعَلَ الْفِعْلَ۔

"فاعل وہ اسم ہے کہ اس سے پہلے ایک فعل ہوتا ہے اور وہ فعل دلالت کرتا ہے اس ذات پر کہ جس نے وہ فعل (کام) کیا ہو۔"

تمرینات (مشقیں)

تمرین نمبر ۱ (مشق نمبر ۱)

اِسْتَخْرِجِ الْفَاعِلَ مِنْ كُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِيَةِ۔

آنے والے جملوں میں سے ہر جملے سے اسم فاعل کو الگ کریں۔

صَاحَ الدِّیْكُ	وَقَفَ الثَّوْرُ
بَكَى الطِّفْلُ	جَاءَ الطَّبِیْبُ
لَعِبَ الْأَوْلَادُ	لَدَغَ الثُّعْبَانُ
اِشْتَغَلَ الْعَامِلُ	حَضَرَ الْغَائِبُ

زَرَعَ الفَلاَّحُ

حل:

اَلدِّيْكُ	اَلثَّوْرُ	اَلطِّفْلُ
اَلطَّبِيْبُ	اَلْاَوْلَادُ	اَلثُّعْبَانُ
اَلْعَامِلُ	اَلْغَائِبُ	اَلْفَلاَّحُ

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

ضَعْ فَاعِلاً لِكُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ:

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کے ساتھ فاعل لگائیں۔

نَبَحَ، يَضْحَكُ، يَبْكِي، نَطَحَ، يَشْرَبُ، عَطَسَ، سَافَرَ، يَرْكَبُ

حل:

نَبَحَ الْكَلْبُ	يَضْحَكُ الطِفلُ
يَبْكِي الصَّبِيُّ	نَطَحَ الثَوْرُ الْهِرَّةَ
يَشْرَبُ الْقِطُ	عَطَسَ خَالِدٌ
سَافَرَ الْمُسَافِرُ	يَرْكَبُ حَامِدٌ

تمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

ضَعِ الْاَسْمَاءَ الْآتِيَةِ فِي جُمَلٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا فَاعِلاً۔

آنے والے اسماء کو کسی جملے میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ان میں سے ہر ایک فاعل بن جائے۔

اَلتِّلْمِيْذُ، اَلثَّعْلَبُ، اَلرَّجُلُ، سَفِيْنَةٌ، اَلنَّمْلُ، نَحْلَةٌ، اَلْخَادِمُ، اَلْجُنْدُ

حل:

(۱) يَحْفَظُ التِلْمِيْذُ دَرْسَهٗ

(۲) يَهْرُبُ الثَّعْلَبُ وَرَاءَ الدِّيكِ

(۳) صَلَّى الرَّجُلُ بِالْجَمَاعَةِ

(۴) تَجْرِىْ السَّفِيْنَةُ فِي الْبَحْرِ

(۵) أَكَلَ النَّمْلُ حِنْطَةً

(۶) لَدَغَتِ النَّحْلَةُ

(۷) يَشْتَغِلُ الْخَادِمُ فِي عَمَلِهِ — مزدور اپنے کام میں مشغول ہوتا ہے۔

(۸) يَحْفَظُ الْجُنْدُ مَدِيْنَتَهُ — لشکر اپنے شہر کی حفاظت کرتا ہے۔

تمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

كَوِّنْ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ جُمَلًا مُؤَلَّفَةً مِنْ فِعْلٍ وَ فَاعِلٍ مُلَائِمٍ لَهُ۔

آنے والے کلمات میں سے فعل اور فاعل کے مناسب جملے بنائیے۔

صَهَلَ، نَطَحَ، اَلتِّلْمِيْذُ، اَلْجَمَلُ، اَلتَّاجِرُ، شَكَا، بَاعَ، بَرَكَ، اَلْمَرِيْضُ، اَلْخُرُوْفُ، اَلْحِصَانُ، حَفِظَ

حل:

(۱) صَهَلَ الْحِصَانُ (۲) نَطَحَ الْخُرُوْفُ

(۳) حَفِظَ التِّلْمِيْذُ (۴) بَرَكَ الْجَمَلُ

(۵) بَاعَ التَّاجِرُ (۶) شَكَا الْمَرِيْضُ

تمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا عَلَى فَاعِلٍ، وَ يَكُوْنُ الْفِعْلُ مُضَارِعًا فِي الثَّلَاثِ الْأُوْلَى وَ مَاضِيًا فِي الثَّلَاثِ الثَّانِيَةِ۔

چھ جملے ایسے بنائیے کہ اُن میں سے ہر جملہ فاعل پر مشتمل ہو اور پہلے تین جملوں میں فعل مضارع اور دوسرے تین جملوں میں ماضی ہو۔

حل:

(۱) يَحْصُدُ الْفَلَّاحُ الْقَمْحَ وَالْأَرُزَّ

(۲) يَذْبَحُ الرَّجُلُ الْبَقَرَةَ

(۳) تَشْرَبُ الْهِرَّةُ اللَّبَنَ

(۴) قَتَلَ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ

(۵) اَنْفَقَ خَالِدٌ ن الْمَالَ كُلَّهُ

(۶) نَامَ خَالِدٌ عِنْدَ الظَّهِيْرَةِ فِي الصَّيْفِ

تمرین ٦ (فِي الْإِنْشَاءِ) (مشق نمبر ٦ انشاء کے بارے میں)

(۱) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ مَوْضُوْعُهَا "اَلفلاح" وَاجْعَلْ اَلْفَلَاحُ، فَاعِلاً۔

پانچ جملے ایسے ترتیب دیں کہ اُن کا موضوع کسان ہو اور کسان اُن جملوں میں فاعل بنایا گیا ہو۔

حل:

(۱) يَحْرُثُ الْفَلَّاحُ كُلَّ يَوْمٍ فِي الصَّبَاحِ

(۲) يَسْتَيْقِظُ الْفَلَّاحُ قَبْلَ اَذَانِ الْفَجْرِ

(۳) يُصَلِّي الْفَلَاحُ بِالْجَمَاعَةِ کسان جماعت کے ساتھ نماز پڑھتا ہے۔

(۴) يُسْقِي الْفَلَّاحُ زَرْعَهُ بَعْدَ الْأُسْبُوْعِ

(۵) يَعْمَلُ الْفَلَّاحُ مِنَ الصُّبْحِ اِلَى اللَّيْلِ

(۲) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ مَوْضُوْعُهَا "اَلْفَارَةُ" وَاجْعَلِ الْفَارَةَ فَاعِلاً۔

پانچ جملے ایسے لایئے کہ اُن کا موضوع اَلْفَارَةُ (چوہا) ہو اور اَلْفَارَةُ اس میں فاعل ہو۔

حل:

(۱) يَسْكُنُ الْفَارَةُ فِي الْحُقُوْلِ وَالْبُيُوْتِ

(۲) يَاكُلُ الْفَارَةُ النَّبَاةَ وَالْفَاكِهَةَ

(۳) يَهْرُبُ الْفَارَةُ سَرِيْعًا

(۴) يَسْمَعُ الْفَارَةُ صَوْةَ الْهِرَّةِ فَيَهْرُبُ اِلٰى مَسْكَنِهٖ

(۵) يَجِدُ الْفَارَةُ اَىَّ شَيْءٍ فَيَقْطَعُهٗ بِاَسْنَانِهٖ

(۷) تمرين في اعراب (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج: (نمونہ)

(۱) حَضَرَ الْغَائِبُ ــ غائب حاضر ہوا

حَضَرَ ...... فِعْلٌ ماضٍ ــ حضر ...... فعل ماضی ہے

اَلْغَائِبُ ...... فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ ــ غائب ...... فاعل مرفوع ہے۔

(۲) يَطِيْرُ الذُّبَابُ ــ مکھی اڑتی ہے۔

يَطِيْرُ ...... فعلٌ مضارِعٌ ــ يطير ...... فعل مضارع ہے۔

اَلذُّبَابُ ...... فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ ــ ذباب ...... فاعل مرفوع ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الْآتِيَتَيْنِ۔

(۱) فَاضَ النَّهْرُ ــ نہر بھر گئی۔

فَاضَ ــ فعل ماضی ہے۔ اَلنَّهْرُ ...... فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

(۲) يَرْبَحُ التَّاجِرُ ــ تاجر نفع کماتا ہے۔

يَرْبَحُ ــ فعل مضارع مرفوع ہے حروف ناصب و جازم نہ ہونے کی وجہ سے

اَلتَّاجِرُ ــ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

☆☆☆

اَلْمَفْعُوْلُ بِهٖ (مفعول بہ کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	شَدَّ التِّلْمِيْذُ الْحَبْلَ	شاگرد نے رسہ باندھا۔
(۲)	طَوَتِ الْبِنْتُ الثَّوْبَ	لڑکی نے کپڑا لپیٹا۔
(۳)	اَكَلَ الذِّئْبُ الْخُرُوْفَ	بھیڑیے نے بکری کا بچہ کھایا۔
(۴)	يَرْبَحُ السَّابِقُ جَائِزَةً	اول آنے والا انعام لیتا ہے۔
(۵)	يَصِيْدُ الثَّعْلَبُ دَجَاجَةً	لومڑی مرغی کو شکار کرتی ہے۔
(۶)	يَبِيْعُ الْقَصَّابُ اللَّحْمَ	قصائی گوشت بیچتا ہے۔

البحث (تحقیق)

كُلُّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ السَّابِقَةِ مُرَكَّبَةٌ مِنْ فِعْلٍ وَاحِدٍ وَ مِنْ اِسْمَيْنِ اَلْاِسْمُ الْاَوَّلُ هُوَ الَّذِیْ سَمَّيْنَاهُ "فَاعِلاً" لِاَنَّ الْفِعْلَ صَدَرَ عَنْهُ وَ اِذَا بَحَثْنَا فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰی، رَأَيْنَا اَنَّ الْاِسْمَ الثَّانِي فِي كُلِّ مِثَالٍ وَ هُوَ الْحَبْلُ، الثَّوْبُ، الْخُرُوْفُ هُوَ الَّذِیْ وَقَعَ الْفِعْلُ عَلَيْهِ۔ فَالْفِعْلُ وَ هُوَ الشَّدُّ الَّذِیْ حَصَلَ مِنَ التِّلْمِيْذِ، وَقَعَ عَلَى الْحَبْلِ وَالطَّيُّ الَّذِیْ فَعَلَتْهُ الْبِنْتُ وَقَعَ عَلَى الثَّوبِ وَالْاَكْلُ الَّذِیْ صَدَرَ مِنَ الذِئْبِ عَلَى الْخُرُوْفِ فَالتِّلْمِيذُ الْبِنْتُ وَالذِئْبُ كُلٌّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهٖ فَاعِلٌ وَالْحبْلُ وَالثَّوبُ وَالْخُرُوْفُ، كُلٌّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهٖ وَقَعَ عَلَيْهِ الفِعْلُ وَ يُسَمَّى مَفْعُوْلاً بِهٖ وَ كَذٰلِكَ يُقَالُ فِي بَقِيَّةِ الْاَمْثِلَةِ۔ وَ اِذَا تَاَمَّلْنَا اَوَاخِرَ الْاَسْمَاءِ الَّتِي تَدُلُّ عَلَى الْمَفْعُوْلِ بِهٖ وَجَدْنَاهَا مَنْصُوْبَةً۔

گذشتہ جملوں میں سے ہر ایک جملہ ایک اور دو اسموں سے مرکب ہے جو پہلا اسم ہے اس کا نام ہم فاعل رکھتے ہیں۔ اس لیے کہ اسی سے ہی فعل صادر ہوا ہے اور جب پہلی تین مثالوں سے متعلق گفتگو کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ بے شک دوسرا اسم ہر مثال میں وہ حبل ہے، ثوب خروف ہے۔ یہ وہ اسم ہے کہ جس پر فعل واقع ہوا ہے پس فعل وہ جو شد جو کہ شاگرد سے حاصل ہوا اور رسی پر واقع ہوا اور الطی جو ہے وہ ہے کہ جس کو لڑکی نے کیا اور کپڑے پر واقع ہوا اور الاکل وہ کہ جو بھیڑیئے سے صادر ہوا ان میں سے ہر ایک فاعل ہے اور حبل، ثوب، خروف ان میں سے ہر ایک پر فعل واقع ہوا ہے نام رکھا جاتا ہے مفعول بہ اور اسی طرح باقی مثالوں میں کہا جائے گا اور آخری اسماء میں غور کرتے ہیں کہ جو مفعول بہ پر دلالت کرتے ہیں تو ہم ان کو منصوب پاتے ہیں۔

(۸) اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

اَلْمَفْعُوْلُ بِهٖ اِسْمٌ مَنْصُوْبٌ وَقَعَ عَلَيْهِ فِعْلُ الْفَاعِلِ۔

مفعول بہ وہ منصوب اسم کہ اُس فاعل کا فعل واقع ہوتا ہے۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین ۱ (مشق نمبر ۱)

اِسْتَخْرِجِ الْمَفْعُوْلَ بِهٖ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِيَةِ

آنے والے جملوں میں سے مفعول بہ الگ کریں۔

(۱) مَزَّقَ الْغُلَامُ الْوَرَقَ

(۲) حَلَبَتِ الْفَتَاةُ الْبَقَرَةَ

(۳) اَيْقَظَ الرَّعْدُ النَّائِمَ

(۴) اَكَلَ الْحِمَارُ الْفُوْلَ

(۵) صَنَعَ النَّجَارُ كُرْسِيًّا

(۶) رَمَى الصَّيَادُ الشَّبَكَةَ

(۷) طَبَخَتِ الْمَرْأَةُ الطَّعَامَ

(۸) اَبْصَرَ الرَّجُلُ الْهِلَالَ

حل:

اَلْوَرَقَ ، البقرةَ ،النائِمَ،الفولَ،كرسياً، الشبكةَ، اَلطعامَ، الهلالَ

یہ سارے کے سارے مفعول بہ ہیں۔

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

ضَعِ الْاَسْمَاءَ الْآتِيَةَ فِي جُمَلٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا مَفْعُوْلاً بِهٖ۔

آنے والے اسماء کو جملوں میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ان میں سے ہر ایک مفعول بہ بن جائے۔

(۱) رَأَيْتُ الثُّعْبَانَ

(۲) بِعْتُ الْحَدِيْقَةَ

(۳) رَمَيْتُ الْحِذَاءَ اِلَيْهِ

(۴) اَغْلَقَ الْوَلَدُ النَّافِذَةَ

(۵) شَرِبَتِ الْبِنْتُ الْمَاءَ

(۶) اَكَلَ زَيْدٌ الْبَلَحَ

(۷) اِشْتَرَيْتُ كِتَاباً

(۸) تَرْكَبُ خَالِدَةُ الْفَرَسَ

تمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

ضَعْ مَفْعُوْلاً بِهٖ مُنَاسِبًا لِكُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِيَةِ

آنے والے جملوں میں سے ہر جملے میں مناسب مفعول رکھیں۔

(۱) اكل القط ...... (۲) يزرع الفلاح ...... (۳) يبنى النساء ......

(۴) مَزَّقَ الولد...... (۵) تخيط البنت ...... (۶) كسر الهواء ......

(۷) غسلت المراة ...... (۸) يبيع البدّال ...... (۹) ينشر النجارُ ......

حل:

(۱) اَكَلَ الْقِطُّ فَارَةً

(۲) يَزْرَعُ الْفَلاَّحُ الْقَمْحَ

(۳) مَزَّقَ الْوَلَدُ الثَوْبَ

(۴) تَخِيْطُ الْبِنْتُ الْقَمِيْصَ

(۵) يَبْنِى الْبَنَّاءُ الْحُجْرَةَ

(۶) كَسَرَ الْهَوَاءُ الْغُصْنَ

(۷) غَسَلَتِ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا

(۸) يَنْشُرُ النَّجَّارُ الْخَشَبَ

(۹) يَبِيْعُ الْبَدَّالُ الْمَوْزَ

تمرین ۴ (مشق نمبر ۴)

ضَعْ فَاعِلاً و مَفْعُوْلاً بِهٖ لِكُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ۔

قَطَعَ، نَظَّفَ اَكَلَ، يَحْمِلُ، يَغْسِلُ، اِحْتَرَمَ، عَاقَبَ، يَحْفَظُ

جملے:

(۱) قَطَعَ الْبَزَّازُ ثَوْباً

(۲) نَظَّفَ خَالِدٌ غُرْفَتَهُ

(۳) اَكَلَ حَامِدٌ خُبْزًا

(۴) يَحْمِلُ الْحِمَارُ قَفِيْزًا

(۵) يَغْسِلُ الغَسَّالُ الثَوْبَ

(۶) اِحْتَرَمَ الرَّجُلُ اِمَامَهُ

(۷) عَاقَبَ الْكَلْبُ صَاحِبَهُ

(۸) يَحْفَظُ نَاصِرٌ دَرْسَهُ

تمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

اِجْعَلْ اَحَدَ الْاِسْمَيْنِ اللَّذَيْنِ بَيْنَ قوسَيْنِ فَاعِلاً وَالْآخَرَ مَفْعُوْلاً بِهِ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ

(الولد ۔ الماء) (السفینہ ۔ الهواء) (الهر ۔ اللحم)

(الرسالة ۔ الخادم) (الغزال ۔ الاسد) (التلميذ ۔ الدرس)

جملے:

(۱) شَرِبَ الْوَلَدُ الْمَآءَ

(۲) اَجْرَى الْهَوَاءُ السَّفِيْنَةَ

(۳) يَاْكُلُ الْهِرُّ اللَّحْمَ

(۴) كَتَبَ الْخَادِمُ الرِّسَالَةَ

(۵) اِفْتَرَسَ الْاَسَدُ الْغَزَالَ

(۶) قَرَءَ التِّلْمِيْذُ الدَّرْسَ

تمرین ۶ (مشق نمبر ۶)

هَاتِ اَرْبَعَ جُمَلٍ يَكُوْنُ الْمَفْعُوْلُ بِهٖ فِی الْاُوْلٰى مِنَ الْاِنْسَانِ وَ فِی الثَّانِيَةِ مِنَ الْحَيْوَانِ وَ فِی الثَّالِثَةِ مِنَ النَّبَاتِ وَ فِی الْاَخِيْرَةِ مِنَ الْجَمَادِ۔

ایسے چار جملے بنائیے کہ پہلے جملے میں مفعول بہ انسان ہو اور دوسرے میں حیوان ہو اور تیسرے میں نباتات ہو اور آخری میں جمادات ہو۔

(۱) ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا

(۲) ذَبَحَ الْقَصَّابُ الْبَقَرَةَ

(۳) اَقْلَعَ الْفَلَّاحُ الشَّجَرَةَ

(۴) اَحْرَقَ الرَّجُلُ الْخَشَبَ

(۷) تمرين فی الانشاء (انشاء کے بارے میں مشق)

(۱) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ تَكُوْنُ كَلِمَةُ "اَلْقَمْحُ" وَ فِی كُلٍّ مِنْهَا مَفْعُوْلًا بِهٖ۔

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں القمح ہر ایک کا مفعول بہ واقع ہو۔

جملے:

(۱) زَرَعَ الْفَلَّاحُ الْقَمْحَ

(۲) اَسْقَى الرَّجُلُ الْقَمْحَ

(۳) حَصَدَ خَالِدٌ نِالْقَمْحَ

(۴) طَحَنَ الطَّحَّانُ الْقَمْحَ

(۵) بَاعَ الرَّجُلُ الْقَمْحَ

(۲) هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ تَكُوْنُ كَلِمَةُ اَلْقُطْنُ فِی كُلٍّ مِنْهَا مَفْعُوْلًا بِهٖ

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ہر جملے میں القطن مفعول بہ واقع ہو۔

جملے:

(۱) اِشْتَرَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

(۲) سَقَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

(۳) جَنَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

(۴) بَاعَ الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ فِي السُّوْقِ

(۵) زَرَعَ الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ

(۸) تمرین فی اعراب (اعراب کے بارے میں مشق)

(أ) نموذج (نمونہ)

(۱) حَمَلَ الْجَمَلُ الْحَطَبَ

حَمَلَ ...... فِعْلٌ ماضٍ

اَلْجَمَلُ ...... فَاعِلٌ مرفوعٌ

اَلْحَطَبَ مفعولٌ منصوبٌ

(۲) يَأْكُلُ الذِّئْبُ الشَّاةَ

يَأْكُلُ ...... فِعْلٌ مُضَارِعٌ

الذِّئْبُ ...... فَاعِلٌ مَرْفُوعٌ

الشَّاةَ ...... مَفْعُوْلٌ مَنْصُوبٌ

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الْآتِيَتَيْنِ

آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱) صَادَ الْغُلَامُ سَمَكَةً

(۲) تَجْمَعُ الْبِنْتُ الْأَزْهَارَ

حل:

صَادَ فعل ماضی الغلام فاعل مرفوع سمکہ مفعول بہ منصوب ہے،
تَجمع فعل مضارع الجعۃ فاعل مرفوع الازھار مفعول بہ منصوب ہے۔

اَلْمُوَازَنَةُ بَيْنَ الْفَاعِلِ وَالْمَفْعُوْلِ بِهٖ

(فاعل اور مفعول بہ کے درمیان موازنہ)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	يَجُرُّ الْحِصَانُ الْعَاجِلَةَ	گھوڑا گاڑی کھینچتا ہے۔
(۲)	قَطَفَ الْغُلَامُ الزَّهْرَةَ	غلام نے پھول توڑا۔
(۳)	رَبَطَتْ فَاطِمَةُ الْجَدْيَ	فاطمہ نے بکری کا بچہ باندھا۔
(۴)	يَسْقِي الْفَلَّاحُ الزَّرْعَ	کسان کھیتی کو پانی دیتا ہے۔
(۵)	قَذَفَ الْلَّاعِبُ الْكُرَةَ	کھلاڑی نے گیند پھینکا۔
(۶)	حَبَسَ الشُّرْطِيُّ اللِّصَّ	سپاہی نے چور کو قید کیا۔

النتائج: (نتائج)

عَرَفْنَا مِمَّا مَضٰى وَنَعْرِفُ مِنْ تَأَمُّلِ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ مَا يَأْتِي
ہم جان چکے جو کچھ گزر ا اور جانتے ہیں گذشتہ مثالوں میں غور وفکر کرنے سے جو کچھ آتا ہے۔

(۱) اَنَّ كُلَّ فَاعِلٍ وَكُلَّ مَفْعُوْلٍ بِهٖ اِسْمٌ ہر فاعل اور ہر مفعول بہ اسم ہوتا ہے۔

(۲) اَنَّ الْفَاعِلَ هُوَ الَّذِيْ صَدَرَ عَنْهُ الْفِعْلُ
فاعل وہ ہوتا ہے کہ جس سے فعل صادر ہو۔

(۳) اَنَّ الْمَفْعُوْلَ بِهٖ هُوَ الَّذِیْ وَقَعَ عَلَيْهِ الْفِعْلُ

مفعول وہ ہوتا ہے کہ جس پر فعل واقع ہو۔

(۴) اَنَّ الْفَاعِلَ آخِرُهٗ مَرْفُوْعٌ فاعل کا آخر مرفوع ہوتا ہے۔

(۵) اَنَّ الْمَفْعُوْلَ آخِرُهٗ منصوب=مفعول کا آخری منصوب ہوتا ہے۔

☆☆☆

اَلْمُبْتَدَاءُ وَالْخَبَرُ (مبتداءاورخبر کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ	سیب میٹھا ہے۔
(۲)	اَلصُّوْرَةُ جَمِيْلَةٌ	تصویر خوبصورت ہے۔
(۳)	اَلْجَرْيُ مُفِيْدٌ	دوڑنا مفید ہے۔
(۴)	اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ	ریل گاڑی تیز ہے۔
(۵)	اَلنَّظَافَةُ وَاجِبَةٌ	صفائی ضروری ہے۔
(۶)	اَلْاَرْضُ مُسْتَدِيْرَةٌ	زمین چکر لگاتی ہے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَمْثِلَةُ السَّابِقَةُ كُلُّهَا جُمَلٌ، وَ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ اِسْمَيْنِ وَالْاِسْمُ الْاَوَّلُ فِي كُلِّ جُمْلَةٍ هُوَ الَّذِي ابْتَدَانَا بِهِ الْجُمْلَةَ فَهُوَ لِذٰلِكَ يُسَمَّى "مُبْتَدَاءً" وَ اِذَا وَضَعْنَا اِصْبَعْنَا عَلَى الْاِسْمِ الثَّانِي فِي كُلِّ جُمْلَةٍ فَاَخْفَيْنَاهُ عَنْ نَظَرِنَا وَ قَرَانَا هٰكَذَا۔ اَلتُّفَّاحَةُ، اَلصُّوْرَةُ، اَلْجَرْيُ، فَاِنَّنَا نَتَحَيَّرُ وَ نَسْأَلُ اَنْفُسَنَا مَاشَانُ التُّفَّاحَةِ؟ وَ مَا شَانُ الصُّوْرَةِ؟ وَ مَا شَانُ الْجَرْيِ وَ لٰكِنَّا اِذَا رَفَعْنَا وَ قَرَانَا هٰكَذَا۔ اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ، اَلصُّوْرَةُ جَمِيْلَةٌ، اَلْجَرْيُ مُفِيْدٌ، اِسْتَفَدْنَا فَائِدَةً تَامَّةً وَالَّذِيْ اَفَادَنَا هُوَ الْاِسْمُ الثَّانِي فِي كُلِّ جُمْلَةٍ۔ هُوَ الَّذِيْ اَخْبَرَنَا بِحَلَاوَةِ التُّفَّاحَةِ، وَ جَمَالِ الصُّوْرَةِ وَ اِفَادَةِ الْجَرْيِ، وَ لِذٰلِكَ يُسَمَّى الْاِسْمُ الثَّانِي "خَبَرًا"۔

وَ اِذَا تَأَمَّلْنَا آخِرَ كُلِّ اِسْمٍ مِنَ الْاِسْمَيْنِ فِي جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ السَّابِقَةِ وَجَدْنَاهُ مَرْفُوْعًا۔

گزشتہ تمام مثالیں جملے ہیں اوران میں سے ہر جملہ دو اسموں سے مرکب ہے اور ہر جملے میں پہلا اسم وہ ہے کہ جس سے ہم نے جملہ کی ابتداء کی پس اسی وجہ سے اس کا نام مبتدا رکھا جاتا ہے اور جب ہم اپنی انگلی جملہ میں دوسرے اسم پر رکھتے ہیں پس اس کو اپنی نظر سے چھپا دیتے ہیں اور اس طرح پڑھتے ہیں التفاحة، الصورة، الجرى بے شک ہم حیران ہوتے ہیں اور اپنے آپ سے سوال کرتے ہیں کہ سیب کا کیا حال ہے اور تصویر کا کیا حال ہے اور دوڑ کا کیا حال ہے اور لیکن جب ہم انگلی اٹھاتے ہیں تو اس طرح پڑھتے ہیں سیب میٹھا ہے۔ تصویر خوبصورت ہے اور دوڑنا مفید ہے۔ ہم مکمل فائدہ حاصل کر لیتے ہیں اور وہ چیز جو ہم کو فائدہ دیتی ہے وہ ہر جملہ میں دوسرا اسم ہے وہ ہم کو سیب کے میٹھے ہونے اور تصویر کے خوبصورت ہونے اور دوڑنے کے مفید ہونے کی خبر دیتا ہے اسی وجہ سے دوسرے اسم کا نام خبر رکھا جاتا ہے۔

اور جب ہم گزشتہ جملوں میں سے ہر ایک جملے میں دو اسموں میں سے ہر اسم کے آخر پر غور کرتے ہیں تو ہم ان کو مرفوع پاتے ہیں۔

(۹) اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

اَلْمُبْتَدَاءُ اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ فِي اَوَّلِ الْجُمْلَةِ

مبتداء وہ مرفوع اسم ہے جو جملہ کے شروع میں ہوتا ہے۔

(۱۰) اَلْخَبَرُ اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ يَكُوْنُ مَعَ الْمُبْتَدَاءِ جُمْلَةً مُفِيْدَةً

خبر ایسا مرفوع اسم ہے جو مبتداء کے ساتھ مل کر جملہ مفید ہوتا ہے۔ (بناتا ہے)۔

تمرينات (مشقیں)

تمرين ۱ (مشق نمبر ۱)

اِسْتَخْرِجْ كُلَّ مُبْتَدَاءٍ وَ كُلَّ خَبَرٍ مِنَ الْجُمَلِ الآتِيَةِ۔

آنے والے جملوں میں سے ہر مبتداء اور خبر کو الگ الگ کریں۔

(۱) اَلدَّوَاةُ مَمْلُوْءَةٌ (۲) اَلْمِزَاجُ مُضِرٌّ (۳) اَلْمُعَلِّمُ حَاضِرٌ

(۴) اَلْهَوَآءُ مُتَجَدِّدٌ (۵) اَلتَّاجِرُ اَمِيْنٌ (۶) اَلْفَقِيْرُ مُحْتَاجٌ

(۷) اَلْحِذَاءُ جَدِيْدٌ (۸) اَلْحَدِيْقَةُ فَسِيْحَةٌ (۹) اَلشَّجَرَةُ مُثْمِرَةٌ

حل

اَلْمُبْتَدَاءُ: اَلدَّوَاةُ، اَلْمِزَاجُ، اَلتَّاجِرُ، اَلْحَدِيْقَةُ، اَلْمُعَلِّمُ، اَلْفَقِيْرُ، اَلشَّجَرَةُ، اَلْهَوَآءُ، اَلْحِذَاءُ

اَلْخَبَرُ: مَمْلُوْءَةٌ، فَسِيْحَةٌ، مُضِرٌّ، اَمِيْنٌ، حَاضِرٌ، مُحْتَاجٌ، مُثْمِرَةٌ، مُتَجَدِّدٌ

تمرين ۲ (مشق نمبر ۲)

(۲) اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الآتِيَةِ مُبْتَدَاءً وَ اَخْبِرْ عَنْهُ بِخَبَرٍ يُّنَاسِبُهٗ

آنے والے اسماء کو مبتداء بنائیے اور ان میں سے ہر ایک کے مناسب خبر بنائیے۔

اَلثَّوْبُ، اَلثَّرَّاجَةُ، اَلسَّرِيْرُ، اَلْكِتَابُ، اَلْغُرْفَةُ، اَلزَّهْرَةُ، اَلْكُرْسِيُّ، اَلْحَرُّ

حل:

اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ — اَلْكِتَابُ قَدِيْمٌ

اَلْغُرْفَةُ صَغِيْرَةٌ — اَلزَّهْرَةُ مَقْطُوْفَةٌ

اَلْكُرْسِيُّ مُرِيْحٌ — اَلْحَرُّ شَدِيْدٌ

اَلسَّرِيْرُ جَدِيْدٌ اَلدَّرَّاجَةُ قَدِيْمَةٌ

تمرین ۳ (مشق نمبر۳)

اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ خَبَرًا لِمُبْتَدَاءٍ يُنَاسِبُهُ

آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو ایسی مبتداء کی خبر بنایئے جو اس کے مناسب ہو۔

طَالِعٌ، صَغِيْرٌ، نَاعِمٌ، مَذْبُوْحَةٌ، عَلِيْلٌ، بَاكِيَةٌ، فَصِيْحٌ، لَامِعٌ

حل:

اَلْهِلَالُ طَالِعٌ اَلْوَلَدُ صَغِيْرٌ
اَلْبَقَرَةُ مَذْبُوْحَةٌ اَلْبِنْتُ بَاكِيَةٌ
اَلنَّجْمُ لَامِعٌ اَلْمُقَرِّرُ فَصِيْحٌ
اَلْمَرِيْضُ عَلِيْلٌ اَلْحَرِيْرُ نَاعِمٌ

تمرین ۴ (مشق نمبر۴)

كَوِّنْ اَرْبَعَ جُمَلٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ بِحَيْثُ تَضَعُ كُلَّ مُبْتَدَاءٍ مَعَ الْخَبَرِ الْمُنَاسِبِ لَهُ۔

آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو اس حیثیت سے رکھیں کہ اس کے مناسب مبتداء کے لیے خبر بن جائے۔

اَلْحَدِيْدُ، اَلْمِصْبَاحُ، اَلْمَطَرُ، اَلْحِصَانُ، غَزِيْرٌ، مَعْدَنٌ، صَاهِلٌ، مُنِيْرٌ

حل:

اَلْحَدِيْدُ مَعْدَنٌ اَلْمِصْبَاحُ مُنِيْرٌ
اَلْمَطَرُ غَزِيْرٌ اَلْحِصَانُ صَاهِلٌ

تمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

اِجْعَلْ كُلَّ فَاعِلٍ فِي الْجُمَلِ الآتِيَةِ مُبْتَدَاءً وَ اَخْبِرْ عَنْهُ بِاسْمٍ يُؤَدِّيْ مَعْنَى الْفِعْلِ الَّذِيْ فِي جُمْلَتِهِ

آنے والے جملوں میں سے ہر فاعل کو مبتداء بناہے اور ہر فعل کو خبر بنائیے کہ اس فعل کا ادا ہو رہا ہو۔

(۱)	يَفْتَرِسُ النَّمِرُ	(۲)	يَحْضُرُ الْمُسَافِرُ
(۳)	يَسْبَحُ السَّمَكُ	(۴)	تَنْضَجُ الْفَاكِهَةُ
(۵)	يَشْتَدُّ الْحَرُّ	(۶)	يَنْدَمُ الْكَسْلَانُ

حل:

(۱)	اَلنَّمِرُ مُفْتَرِسٌ	(۲)	اَلْمُسَافِرُ حَاضِرٌ
(۳)	اَلسَّمَكُ سَابِحٌ	(۴)	اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ
(۵)	اَلْحَرُّ شَدِيْدٌ	(۶)	اَلْكَسْلَانُ نَادِمٌ

تمرین ۶ (مشق نمبر ۶)

كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا تَتَأَلَّفُ مِنْ مُبْتَدَاءٍ وَ خَبَرٍ۔

(۱) زَيْدٌ قائمٌ

(۲) اَلْاَرْضُ مُسْتَدِيْرَةٌ

(۳) زَيْنَبُ تَالِيَةٌ

(۴) اَلسَّمَاءُ سَاكِنٌ

(۵) اَلْكِتَابُ ضَخِيْمٌ

تمرین ۷ (مشق نمبر ۷)

تمرین فی الانشاء (لکھائی سے متعلق مشق)

۱۔ كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ فِي وَصْفِ الْمَاءِ بِحَيْثُ يَكُوْنُ لَفْظُ "الْمَاءِ" فِي كُلٍّ مِّنْهَا مُبْتَدأً

الماء (پانی) کے وصف میں پانچ جملے ایسے بنائیے کہ ہر ایک میں الماء (پانی) مبتداء بن جائے۔

(۱) اَلْمَاءُ نِعْمَةٌ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ

(۲) اَلْمَاءِ يَنْفَعُ الْعَطْشَ لِكُلِّ شَيْءٍ

(۳) اَلْمَاءُ يُنْبِتُ النَّبَاةَ

(۴) اَلْمَاءُ يَخْرُجُ مِنْ تَحْتِ الْاَرْضِ

(۵) اَلْمَاءُ ضَرُوْرَةٌ لِكُلِّ حَيْوَانٍ

۲۔ كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ فِي وَصْفِ الدُّجَاجَةِ بِحَيْثُ يَكُوْنُ لَفْظُ الدُّجَاجَةِ" فِي كُلٍّ مِنْهَا مُبْتَدَاءً

پانچ جملے ایسے بنائیں جو کہ الدجاجة (مرغی) کے وصف کو بیان کریں اس حیثیت سے کہ الدجاجة مرغی ہر جملہ میں مبتداء ہو۔

(۱) اَلدُّجَاجَةُ حَيْوَانٌ حَلَالٌ

(۲) اَلدُّجَاجَةُ تَخَافُ مِنَ الْكَلْبِ

(۳) اَلدُّجَاجَةُ تَبِيْضُ

(۴) اَلدُّجَاجَةُ تَاكُلُ كُلَّ شَيْءٍ

(۵) اَلدُّجَاجَةُ تَشْرَبُ الْمَاءَ

٨۔ تمرین فی الاعراب (اعراب کے بارے میں مشق)

(أ) نموذج:۔نمونہ

الحُجْرَةُ نظيفه حجرہ صاف ہے۔

الحجرة ...... مبتداء مرفوع حجرہ مبتداء ہے اور مرفوع ہے۔

نظيفة ...... خبر مرفوع نظیفہ خبر ہے اور مرفع ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الآتِيَتَيْنِ (آنے والے دو جملوں کے اعراب بتائیں)

(١) اَلسَّيَّارَةُ سَرِيْعَةٌ (٢) اَلْقِطُّ اَلْوُفٌ

حل:

اَلسَّيَّارَةُ مرفوع مبتدا اور سَرِيْعَةٌ مرفوع خبر ہے۔

اَلْقِطُّ مرفوع مبتداء اور اَلْوُفٌ مرفوع خبر ہے۔

☆☆☆

اَلْجُمْلَةُ الْفِعْلِيَّةُ (جملہ فعلیہ کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) لَمَعَ الْبَرْقُ بجلی چمکی (۲) عَوَى الذِّئْبُ بھیڑیا بھونکا

(۳) يَسْقُطُ الثَّلْجُ برف گرتی ہے (۴) يَشْتَدُّ الْبَرْدُ سردی خوب پڑتی ہے

(۵) اِقْطِفِ الْوَرْدَةَ تو گلاب کا پھول توڑ (۶) خُذِ الْكِتَابَ تو کتاب پکڑ

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

نَعْرِفُ مِمَّا تَقَدَّمَ اَنَّ كُلَّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ يُسَمَّى جُمْلَةً مُفِيْدَةً۔ لِاَنَّهٗ تَرْكِيْبٌ يُفِيْدُ السَّامِعَ فَائِدَةً تَامَّةً۔ وَ اِذَا تَاَمَّلْنَا هٰذِهِ الْجُمَلَ وَجَدْنَا كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةً مِنْ فِعْلٍ وَ فَاعِلٍ وَ لِاَنَّ كُلَّ جُمْلَةٍ مِنْ هٰذِهِ الْجُمَلِ مَبْدُوْءَةٌ بِفِعْلٍ، تُسَمَّى جُمْلَةً فِعْلِيَّةً

یہ بات ہم پہچان چکے کہ جو کچھ گزشتہ مثالوں میں گزرا کہ بے شک ہر مثال کا نام جملہ مفیدہ ہے۔ اس لیے کہ وہ سامع کو ترکیب کا مکمل فائدہ دیتا ہے اور جب ہم ان جملوں میں غور کرتے ہیں تو ہم ان میں سے ہر ایک کو فعل اور فاعل سے مرکب پاتے ہیں اور وہ اس وجہ سے کہ ہر جملہ ان جملوں میں سے فعل سے شروع ہوتا ہے تو پس اسی لیے جملہ فعلیہ نام رکھا گیا ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۱۱) كُلُّ جُمْلَةٍ تَتَرَكَّبُ مِنْ فِعْلٍ وَ فَاعِلٍ تُسَمَّى جُمْلَةً فِعْلِيَّةً۔

ہر وہ جملہ جو فعل اور فاعل سے مرکب ہو اس کا نام جملہ فعلیہ رکھا جاتا ہے۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین ۱ (مشق نمبر ۱)

كَوِّنْ جُمَلاً فِعْلِيَّةً بِوَضْعِ فَاعِلٍ لِلْأَفْعَالِ الْآتِيَةِ۔

آنے والے افعال کے لئے فاعل رکھ کر فعلیہ جملے بنایئے۔

مَالَ، غَرَّدَ، اِنْكَسَرَ، اَثْمَرَ، يَنْتَصِرُ، يَتَمَزَّقُ، يَشْكُوْ، اِحْتَرَقَ، يَصْطَفِي، يَنْطَفِئُ، تَشْرُقُ، ضَحِكَ

جملے:

(۱) مَالَ اللِّصُّ اِلَى الْاِعْتِرَافِ

(۲) غَرَّدَ الطَّائِرُ

(۳) اِنْكَسَرَ الْخَشَبُ مِنَ الضَّرْبِ

(۴) اَثْمَرَ الشَّجَرُ

(۵) يَنْتَصِرُ الْحَقُّ عَلَى الْبَاطِلِ

(۶) يَتَمَزَّقُ الْوَرَقُ

(۷) يَشْكُوْ الْجَرِيْحُ الْاَلَمَ

(۸) تَشْرُقُ الْحُجْرَةُ بِضَوْءِ الْمِصْبَاحِ

(۹) ضَحِكَ خَالِدٌ عَلَى الْمَجْنُوْنِ

(۱۰) اِحْتَرَقَ الْخَشَبُ

(۱۱) يَصْطَفِي الْغُرَابُ فِي جَوِّ السَّمَاءِ

(۱۲) يَنْطَفِئُ الْمِصْبَاحُ اِذَا اشْتَدَّ الرِّيْحُ

تمرین ۲ (مشق نمبر۲)

كَوِّنْ جُمَلاً فِعْلِيَّةً يَجِيْءُ فِيْهَا كُلُّ اِسْمٍ مِنَ الْأَسْمَاءِ الآتِيَةِ فَاعِلاً لِفِعْلٍ مَاضٍ۔

ایسے فعلیہ جملے بنایئے کہ آنے والے اسماء میں سے ہر ایک اسم فعل ماضی کا فاعل واقع ہو۔

اَلْهِلَالُ، اَلنُّجُوْمُ، اَلْمِصْبَاحُ، اَلظَّلَامُ، اَلدِّيْكُ، اَلْأَسَدُ، اَلذِّئْبُ، اَلْحِمَارُ

حل:

(۱) طَلَعَ الْهِلَالُ
(۲) ظَهَرَتِ النُّجُوْمُ
(۳) اِنْتَشَرَ الظَّلَامُ
(۴) صَاحَ الدِّيْكُ
(۵) هَرَبَ الذِّئْبُ وَرَاءَ الْغَنَمِ
(۶) تَعِبَ الْحِمَارُ
(۷) زَارَ الْأَسَدُ
(۸) اِتَّقَدَ الْمِصْبَاحُ

تمرین ۳ (مشق نمبر۳)

كَوِّنْ جُمَلاً فِعْلِيَّةً يَجِيْءُ فِيْهَا كُلُّ اِسْمٍ مِنَ الْأَسْمَاءِ الآتِيَةِ فَاعِلاً لِفِعْلٍ مُضَارِعٍ۔

ایسے فعلیہ جملے بنایئے کہ آنے والے اسماء میں سے ہر ایک اسم فعل مضارع کا فاعل ہو۔

اَلْعُصْفُوْرُ، اَلْحَرُّ، اَلْمَطَرُ، اَلْوَرْدَةُ، اَلثَّوبُ، اَلنَّارُ، اَللِّصُّ، اَلتَّاجِرُ

حل:

(۱) يَاكُلُ الْعُصْفُوْرُ حَبَّةً

(۲) يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الشَّهْرِ الجُوْنِ

(۳) تَاكُلُ النَّارُ الْخَشَبَ

(۴) يَسْرِقُ السَّارِقُ مَالَ صَدِيْقِهٖ

(۵) يَرْبَحُ خَالِدٌ فِي التِّجَارَةِ

(۶) تَنْقَطِعُ الْوَرْدَةُ فِي الشَّهْرِ الْمَارِسِ

(۷) يَنْزِلُ الْمَطَرُ فِي الشَّهْرِ الْاَغُسْطُسِ

(۸) يَسْتُرُ الثَّوبُ عَوْرَةَ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ

تمرین ۴ (مشق نمبر ۴)

كَوِّنْ جُمَلاً فِعْلِيَّةً يَجِئُ فِيْهَا كُلُّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ مَفْعُوْلاً بِهٖ۔

ایسے فعلیہ جملے بنائیے کہ اُن میں سے ہر ایک کا مفعول بہ آنے والے اسموں میں سے ہو۔

اَلْغَنَمُ، اَلْمَرِيْضُ، اَلْخَشَبُ، اَلْقَمْحُ، اَلْقُطْنُ، اَلْبَابُ، اَلشَّاةُ، اَلْكِتَابُ

حل:

(۱) اِشْتَرَيْتُ الْغَنَمَ

(۲) بِعْتُ الْقُطْنَ

(۳) اُغْلِقَ الْبَابُ

(۴) ذَبَحْتُ الشَّاةَ

(۵) مَزَّقَتِ الْبِنْتُ الْكِتَابَ

(٦) يَنْشُرُ النَّجَّارُ الْخَشَبَ

(٧) زَرَعَ الْفَلَاحُ الْقُمْحَ

(٨) عَالَجَ الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ

تمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِعْلِيَةٍ فِعْلُهَا مَاضٍ، وَبِثَلَاثٍ اُخْرٰى فِعْلُهَا مُضَارِع

تین ایسے جملے بنائیں کہ جن کا فعل فعل ماضی ہو اور دوسرے تین جملے ایسے کہ ان کا فعل فعل مضارع ہو۔

حل (جملے):

(۱) اَكَلَ زَيْدٌ خُبْزًا

(۲) اَفْطَرَ زَيْدٌ صَوْمَهٗ

(۳) خَرَجَ عُمَرُ مِنَ الْبَيْتِ

(۴) يَاكُلُ الْمُسْلِمُ لَحْمَ الْغَنَمِ

(۵) يَاكُلُ الْكَافِرُ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ

(٦) يُصَلِّي الْمُسْلِمُ وخَمْسَ صَلَوَاتٍ

تمرین ٦ (مشق نمبر ٦)

هَاتِ خَمْسَ جُمَلٍ فِعْلِيَّةٍ فِي مَوْضُوعِ الْكُرَةِ وَخَمْسًا اُخْرٰى فِي مَوْضُوعِ الدَّرَاجَةِ

پانچ ایسے جملے بنائیں کہ جن کا موضوع گیند ہو اور دوسرے پانچ جملے ایسے کہ جن کا موموضوع سائیکل ہو۔

حل:

(۱) اِشْتَرَی الْوَالِدُ كُرَةً لِابْنِهٖ

(۲) اَلْبِنْتُ تَلْعَبُ بِالْكُرَّةِ

(۳) رَمَيْتُ الْكُرَّةَ اِلٰى صَدِيْقِىْ

(۴) سَقَطَتِ الْكُرَّةَ عَلَى السِّكِّيْنِ فَتَمَزَّقَتْ

(۵) اَلطِّفْلُ يَلْعَبُ بِالْكَرَّةِ الصَّغِيْرَةِ

(۶) هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ اَبِىْ

(۷) اِسْمُ دَرَاجَةِ اَبِى اِيْجَلٌ

(۸) اِشْتَرىٰ اَبِى الدَّرَّاجَةَ مِنْ مُلْتَان

(۹) اَنَا اَذْهَبُ عَلَى الدَّرَّاجَةِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۱۰) صُنِعَتِ الدَّرَّاجَةُ مِنْ حَدِيْدٍ

☆☆☆

اَلْجُمْلَةُ الْاِسْمِيَّةُ (جملہ اسمیہ کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَلدَّارُ وَاسِعَةٌ	گھر کھلا ہے۔
(۲)	اَلْجَوُّ مُعْتَدِلٌ	فضا معتدل ہے۔
(۳)	اَلْغُبَارُ ثَائِرٌ	غبار اڑا ہوا۔
(۴)	اَلشَّارِعُ مُزْدَحَمٌ	سڑک پر بھیڑ لگی ہوئی ہے۔
(۵)	اَلطَّرِيْقُ ضَيِّقَةٌ	راستہ تنگ ہے۔
(۶)	اَلْفَارَةُ مُخْتَبِئَةٌ	چوہا چھپا ہوا ہے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَمْثِلَةُ السَّابِقَةُ كُلُّهَا جُمَلٌ مُفِيْدَةٌ، وَ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مُرَكَّبَةٌ مِنْ اِسْمَيْنِ، اَوَّلُهُمَا مُبْتَدَاءٌ، وَالثَّانِي خَبَرٌ وَ لِاَنَّ كُلَّ جُمْلَةٍ مِنْ هٰذِهِ الْجُمَلِ مَبْدُوْءَةٌ بِاِسْمٍ تُسَمّٰى جُمْلَةً اِسْمِيَّةً

گزشتہ تمام مثالیں جملہ مفیدہ کی ہیں، اور اُن میں سے ہر ایک دو اسموں سے مرکب ہے، ان دونوں کا پہلا اسم مبتداء اور دوسرا اسم خبر ہے۔ اس لیے کہ ان جملوں میں سے ہر جملہ اسم سے شروع ہوتا ہے تو اس وجہ سے اس جملہ کا نام جملہ اسمیہ رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۱۲) كُلُّ جُمْلَةٍ تَتَرَكَّبُ مِنْ مُبْتَدَاءٍ وَ خَبَرٍ تُسَمّٰى جُمْلَةً اِسْمِيَّةً

ہر وہ جملہ جو مبتداء اور خبر سے مرکب ہو اس کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین ا (مشق نمبرا)

(ا) كَوِّنْ جُمَلاً اِسْمِيَّةً بِوَضْعِ اَخْبَارٍ لِلْمُبْتَدَآتِ الْآتِيَةِ:

جملہ اسمیہ آنے والی مبتداؤں کے ساتھ ان کی خبر کو رکھ کر بتائیے۔

اَلنَّخْلَةُ، اَلْمَدْرَسَةُ، اَلثَّوْبُ، اَلْحِذَاءُ، اَلْجَمَلُ، اَلْفِيْلُ، اَلثُّعْبَانُ، اَلْخَادِمُ،

جملے:

اَلنَّخْلَةُ صَغِيْرَةٌ	اَلْحِذَاءُ جَدِيْدٌ
اَلثُّعْبَانُ طَوِيْلٌ	اَلْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ
اَلْجَمَلُ مَرِيْضٌ	اَلْخَادِمُ مَوْجُوْدٌ
اَلثَّوْبُ نَظِيْفَةٌ	اَلْفِيْلُ حَيْوَانٌ جَسِيْمٌ

(ب) كَوِّنْ جُمَلاً اِسْمِيَّةً بِوَضْعِ مُبْتَدَآتٍ لِلْاَخْبَارِ الْآتِيَةِ

آنے والے خبروں کے ساتھ مبتداء رکھ کر جملہ اسمیہ بنائیے۔

حُلْوٌ، مُرٌّ، مُسْتَدِيْرَةٌ، طَوِيْلٌ، سَرِيْعٌ، جَمِيْلٌ، مُفْتَرِسٌ، خَائِفٌ، مُشْرِقَةٌ، مُظْلِمَةٌ، جَافٌّ، بَارِدٌ

جملے:

(۱) اَلتُّفَاحُ حُلْوٌ	(۲) اَلدَّوَآءُ مُرٌّ
(۳) اَلْاَرْضُ مُسْتَدِيْرَةٌ	(۴) اَلثُّعْبَانُ طَوِيْلٌ
(۵) اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ	(۶) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ
(۷) اَلْاَسَدُ مُفْتَرِسٌ	(۸) اَلدِّيْكُ خَائِفٌ
(۹) اَللَّيْلُ مُظْلِمَةٌ	(۱۰) اَلْمَاءُ بَارِدٌ

(۱۱) اَلشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ (۱۲) اَلْهَوَاءُ جَافٌّ

تمرین ۲ (مشق نمبر۲)

كَوِّنْ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ جُمَلاً اِسْمِيَّةً تَتَأَلَّفُ كُلٌّ مِنْهَا مِنْ مُبْتَدَاءٍ وَ خَبَرٍ۔

آنے والے کلمات سے ایسے اسمیہ جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک مبتدا اور خبر سے مرکب ہو۔

الثوب، الميدان، مغلق، مشتعله، ممزق، دابلة، الزهرة، النار، محلوج، الباب، العطن، فسيحٌ

جملے:

(۱) اَلثَّوْبُ مُمَزَّقٌ (۲) اَلْمَيْدَانُ فَسِيْحٌ

(۳) اَلْبَابُ مُغْلَقٌ (۴) اَلنَّارُ مُشْتَعِلَةٌ

(۵) اَلْقُطْنُ مَحْلُوْجٌ (۶) اَلزَّهْرَةُ ذَابِلَةٌ

تمرین ۳ (مشق نمبر۳)

كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ اِسْمِيَّةٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ الْمُبْتَدَاءُ كُلٌّ جُمْلَتَيْنِ مَرَّةً مِنَ الْاِنْسَانِ وَ مَرَّةً مِنَ الْحَيْوَانِ وَ ثَالِثَةً مِنَ النَّبَاتِ۔

ایسے چھ جملے بنائیں کہ دو جملوں میں مبتداء انسان ہو دو میں حیوان اور دو نباتات ہو۔

جملے:

(۱) اَلنَّجَّارُ يَنْشُرُ الْخَشَبَ (۲) اَلشَّاةُ تَشْرَبُ الْمَاءَ

(۳) اَلنَّخْلُ شَجَرٌ طَوِيْلٌ (۴) اَلْغَسَّالُ يَغْسِلُ الثَّوْبَ

(۵) اَلْبَقَرَةُ تَأْكُلُ الْعَلُوْفَةَ (۶) اَلْقُطْنُ مَحْلُوْجٌ

تمرین ۴ (مشق نمبر ۴)

مَيِّزِ الْجُمَلَ الْفِعْلِيَةَ مِنَ الْجُمَلِ الْاِسْمِيَّةِ، وَ عَيِّنِ الْمُبْتَدَاءَ وَالْخَبَرَ وَالْفِعْلَ وَالْفَاعِلَ فِيْمَا يَأْتِي۔

آنے والے جملوں میں سے جملہ فعلیہ کو الگ کر کے فعل فاعل کی تعیین کریں اور جملہ اسمیہ کو الگ کر کے مبتداء خبر کی تعیین کریں۔

(۱) اَلْمَاءُ رَائِقٌ (۲) يَسْقُطُ الْجِدَارُ
(۳) اَلْبَرْدُ قَارِسٌ (۴) يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ
(۵) جَنَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ (۶) يَجُوْلُ التَّاجِرُ فِي الْبَلَدِ
(۷) يُسَرِّجُ الْخَادِمُ الْحِصَانَ (۸) اَلزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ
(۹) اَلْقِطُّ جَائِعٌ (۱۰) اَلنَّوَافِذُ مُفَتَّحَةٌ
(۱۱) تَزْدَحِمُ الْمَدِيْنَةُ بِالسُّكَّانِ (۱۲) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ

حل جملے:

اَلْجُمْلَةُ الْاِسْمِيَةُ	مبتداء	خبر
(۱) اَلْمَاءُ رَائِقٌ	اَلْمَاءُ	رَائِقٌ
(۲) اَلْبَرْدُ قَارِسٌ	اَلْبَرْدُ	قَارِسٌ
(۳) اَلزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ	اَلزُّجَاجُ	مَكْسُوْرٌ
(۴) اَلْقِطُّ جَائِعٌ	اَلْقِطُّ	جَائِعٌ
(۵) اَلنَّوَافِذُ مُفَتَّحَةٌ	اَلنَّوَافِذُ	مُفَتَّحَةٌ

اَلْجُمْلَةُ الْفِعْلِيَةُ	فعل	فاعل
(۱) يَسْقُطُ الْجِدَارُ	يَسْقُطُ	اَلْجِدَارُ
(۲) يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ	يَشْتَدُّ	اَلْحَرُّ

(۳) جَنَى الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ	جَنَى	اَلْفَلَّاحُ
(۴) يَجُوْلُ التَّاجِرُ فِي الْبَلَدِ	يَجُوْلُ	التَّاجِرُ
(۵) يُسَرِّجُ الْخَادِمُ الْحِصَانَ	يُسَرِّجُ	الْخَادِمُ
(۶) تَزْدَحِمُ الْمَدِيْنَةُ بِالسُّكَّانِ	تَزْدَحِمُ	الْمَدِيْنَةُ
(۷) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَآءِ	يَنْزِلُ	الْمَطَرُ

تمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

حَوِّلِ الْجُمَلَ الْاِسْمِيَّةَ اِلَى جُمَلٍ فِعْلِيَّةٍ

جملہ اسمیہ کو جملہ فعلیہ کی طرف تبدیل کریں۔

(۱) اَلْوَلَدُ نَائِمٌ (۲) اَلْكِتَابُ نَافِعٌ

(۳) اَلْبَحْرُ هَائِجٌ (۴) اَلْحُجْرَةُ مُظْلِمَةٌ

(۵) اَلشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ (۶) اَلْمَطَرُ كَثِيْرٌ

حل:

(۱) يَنُوْمُ الْوَلَدُ (۲) هَاجَ الْبَحْرُ

(۳) يَنْفَعُ الْكِتَابُ (۴) كَثُرَ الْمَطَرُ

(۵) اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ (۶) اُظْلِمَتِ الْحُجْرَةُ

تمرین ۶ (مشق نمبر ۶)

حَوِّلِ الْجُمَلَ الْفِعْلِيَّةَ الْآتِيَةَ اِلَى جُمَلٍ اِسْمِيَّةٍ۔

آنے والے فعلیہ جملوں کو اسمیہ جملوں کی طرف تبدیل کریں۔

(۱) ضَاعَ الْمِفْتَاحُ (۲) اَسْرَعَ الْقِطَارُ

(۳) زَادَ النِّيْلُ (۴) يُثْمِرُ الْبُسْتَانُ

(۵) يُغَرِّدُ الطَّائِرُ (۶) يُضِئُ الْمِصْبَاحُ

حل:

(۱) اَلْمِفْتَاحُ ضَائِعٌ (۲) اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ
(۳) اَلنِّيْلُ زَائِدٌ (۴) اَلْبُسْتَانُ مُثْمِرٌ
(۵) اَلطَّائِرُ مُغَرِّدٌ (۶) اَلْمِصْبَاحُ مُضِيْئٌ

۷۔ تمرين في الانشاء (انشاء سے متعلق مشق)

اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ الآتِيَةِ بِجُمَلٍ تَامَّةٍ وَ بَيِّنْ نَوْعَ كُلِّ جُمْلَةٍ تُجِيْبُ بِهَا۔

آنے والے سوالوں کا جواب مکمل جملوں کے ساتھ دیں اور ہر اس جملے کی قسم کو بیان کریں جن کے ذریعے جواب دیا جائے۔

(۱) مَاشَكْلُ الْبُرْتُقَالَةِ؟
جواب: شَكْلُ الْبُرْتُقَالَةِ فِيْمَا بَيْنَ الْكُرَوِیِّ وَ الْبَيْضَوِیِّ (جملہ اسمیہ)

(۲) مَالَوْنُهَا
جواب: لَوْنُهَا اَصْفَرُ فَاقِعٌ۔ (جملہ اسمیہ)

(۳) اَنَاعِمَةٌ هِیَ اَمْ خَشِنَةٌ
جواب: هِیَ نَاعِمَةٌ (جملہ اسمیہ)

(۴) هَلْ اَكَلْتَ بُرْتُقَالَةً
جواب: نَعَمْ اَكَلْتُ بُرْتُقَالَةً (جملہ فعلیہ)

(۵) كَيْفَ وَجَدْتَ طَعْمَهَا
جواب: وَجَدْتُ طَعْمَهَا حُلْوًا حَامِضًا (جملہ فعلیہ)

(۶) بِكَمْ نَشْتَرِیْ الْبُرْتُقَالَةَ
جواب: نَشْتَرِیْ الْبُرْتُقَالَةَ كُلَّ عَدَدٍ مِنْهَا بِرِيَالٍ سَعُوْدِيَةٍ (جملہ فعلیہ)

نَصْبُ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ (فعل مضارع کے نصب کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) اُرِيدُ اَنْ اُحْسِنَ السِّبَاحَةَ — میں چاہتا ہوں کہ اچھا تیرنے والا بنوں

(۲) اَرْجُوْ اَنْ يَعْتَدِلَ الْجَوُّ — میں امید کرتا ہوں کہ فضاء معتدل ہوگی

(۳) يَسُرُّنِي اَنْ تَزُوْرَنَا — مجھے خوشی ہوگی کہ تو ہماری ملاقات کیلئے آئے

(۴) لَنْ اَكْذِبَ — میں ہرگز جھوٹ نہیں بولوں گا

(۵) لَنْ يَفُوْزَ الْكَسْلَانُ — سست آدمی ہرگز کامیاب نہ ہوگا

(۶) لَنْ اَضْرِبَ الْقِطَّ — میں ہرگز بلے کو نہیں ماروں گا

(۷) اِذَنْ تُقِيْمَ عِنْدَنَا (تُجِيْبُ بِذٰلِكَ مَنْ قَالَ سَاَزُوْرُ مَدِيْنَتَكُمْ) تب آپ ہمارے پاس قیام کریں گے یہ اُس شخص کے جواب میں کہا جائیگا جو کہے کہ میں تمھارے شہر آؤں گا۔

(۸) اِذَنْ تَرْبَحَ تِجَارَتُكَ (تُجِيْبُ بِذٰلِكَ مَنْ قَالَ سَاَكُوْنُ اَمِيْنًا) تب تیری تجارت تجھے نفع دے گی یہ اُس شخص کے جواب میں کہا جائے گا کہ جو یہ کہے کہ میں امانت دار ہوں گا۔

(۹) اِذَنْ يَفْسُدَ الْهَوَاءُ (تُجِيْبُ بِذٰلِكَ مَنْ قَالَ سَاُغْلِقُ النَّوَافِذَ) تب تو ہوا خراب ہو جائے گی یہ اُس شخص کے جواب میں کہا جائے گا کہ جو یہ کہے کہ میں کھڑکیاں بند کردونگا۔

(۱۰) جِئْتُ كَيْ اَتَعَلَّمَ — میں آیا تا کہ تعلیم حاصل کروں

(۱۱) خَرَجْتُ كَيْ اَتَنَزَّهَ — میں نکلا تا کہ میں سیر کروں

(۱۲) اَتَعَلَّمُ كَيْ اَخْدُمَ الْوَطَنَ — میں تعلیم حاصل کروں تا کہ وطن کی خدمت

کرسکوں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

يَشْتَمِلُ كُلُّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ عَلٰى فِعْلٍ مُضَارِعٍ قَبْلَهُ اَحَدُ الْاَحْرُفِ الْاَرْبَعَةِ اَنْ، لَنْ، كَيْ، اِذَنْ وَ اِذَا تَاَمَّلْتَ آخِرَ كُلِّ مُضَارِعٍ مَسْبُوْقٍ بِوَاحِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَحْرُفِ الْاَرْبَعَةِ فِي هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ وَ فِي غَيْرِهَا۔ وَجَدْتَهُ مَنْصُوْبًا، وَلٰكِنَّكَ اِذَا حَذَفْتَ هٰذَا الْحَرفَ وَجَدْتَّ الْفِعْلَ مَرْفُوْعًا۔

وَ مِنْ ذَالِكَ يُفْهَمُ اَنَّ هٰذِهِ الْاَحَرُفَ تَنْصِبُ الْفِعْلَ الْمُضَارِعَ الَّذِيْ يَاْتِيْ بَعْدَهَا۔

گذشتہ مثالوں میں سے ہر مثال ایسے فعل مضارع پر مشتمل ہے کہ جس سے پہلے چار حروف میں سے ایک حرف ہے یعنی ان، لن، کی، اذن اور جب غور کرے تو بعد والے مضارع میں سے ہر فعل کے آخر پر تو ان چار حروف کی وجہ سے اس کے آخر پر ان مثالوں میں اور ان کے علاوہ اس کو منصوب پائے گا۔ اور جب تو ان حروف کو حذف کر دے تو فعل مضارع کو مرفوع پائے گا۔

اور اسی وجہ سے یہی بات سمجھی جاتی ہے یہ حروف اپنے بعد میں آنے والے فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۱۳) يَنْصِبُ الْفِعْلُ الْمُضَارِعُ مَتٰى سَبَقَهُ اَحَدُ النَّوَاصِبِ الْاَرْبَعَةِ وَ هِيَ اَنْ، لَنْ، كَيْ، اِذَنْ۔

فعل مضارع پر جب ان چار حروف میں سے کوئی حرف شروع میں آجائے تو منصوب ہوتا ہے حروف یہ ہیں۔ ان، لَنْ، کَیْ، اِذَنْ ۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین ۱ (مشق نمبر۱)

اِقْرَاِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ وَ عَيِّنِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمَنْصُوْبَةَ فِيْهَا وَاذْكُرِ السَّبَبَ فِي نَصَبِ كُلِّ فِعْلٍ۔

جملے:

(۱) لَنْ يَبِيْعَ اَبِيْ حِصَانَهٗ

(۲) هَزَزْتُ الشَّجَرَةَ كَيْ يَسْقُطَ ثَمَرُهَا

(۳) لَا يَجُوْزُ لِلْاِنْسَانِ اَنْ يَجْلِسَ فِيْ مَجْرَى الْهَوَاءِ

(۴) فَتَحْتُ نَوَافِذَ الْحُجْرَةِ كَيْ يَتَجَدَّدَ هَوَاؤُهَا

(۵) كُنْ مُؤَدِّبًا كَيْ تَكُوْنَ مَحْبُوْبًا

(۶) يَشْتَغِلُ الْاِنْسَانُ بِالنَّهَارِ وَ يَنَامُ بِاللَّيْلِ

(۷) يَجِبُ عَلَيْكَ اَنْ تُنَظِّفَ اَسْنَانَكَ كُلَّ يَوْمٍ

(۸) اِذَنْ يَصِحَّ بَدَنُكَ (تُجِيْبُ بِذٰلِكَ مَنْ قَالَ سَاَعْتَادُ التَّبْكِيْرَ اِلَى النَّوْمِ)

(۹) اِذَنْ يَضْعُفَ بَصَرُهٗ (تُجِيْبُ بِذٰلِكَ عَنْ قَالَ: يَقْرَاءُ فِي الضَّوءِ الضَّعِيْفِ)

(۱۰) يَتْعَبُ الْاِنْسَانُ فِيْ صِغَرِهٖ كَيْ يَسْتَرِيْحَ فِيْ كِبَرِهٖ

حل:

	فعل مضارع	منصوب ہونے کا سبب
(۱)	لَنْ يَبِيْعَ	لَنْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۲)	كَيْ يَسْقُطَ	كَيْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

(۳)	اَنْ يَجْلِسَ	اَنْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۴)	كَيْ يَتَجَلَّدَ	کَيْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۵)	كَيْ تَكُوْنَ	کَيْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۶)	اَنْ تَنظَّفَ	اَنْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۷)	اِذَنْ يَصِحَّ	اِذَنْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۸)	اِذَنْ يَضْعُفَ	اِذَنْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔
(۹)	كَيْ يَسْتَرِيْحَ	کَيْ کے داخل ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

اَتْمِمِ الْجُمْلَةَ الْآتِيَةَ بِوَضْعِ فِعْلٍ مُضَارِعٍ مُلَائِمٍ وَاشْكُلْ آخِرَهُ

آنے والے جملوں کو مناسب فعل مضارع کے ساتھ مکمل کریں اور اس کے آخر پر اعراب لگائیں۔

(۱) يَسُرُّنِيْ اَنْ ...... (۲) يَاْكُلُ الْاِنْسَانُ كَيْ ......

(۳) اَلْحَسُوْدُ لَنْ ...... (۴) عَلَى الْمُسَافِرِ اَنْ ......

(۵) اِشْتَرَيْتُ مَنْزِلًا كَيْ ...... (۶) اِنْ عُدْتَ اِلَى الذَّنْبِ فَلَنْ ......

(۷) يَحْرُثُ الْفَلَّاحُ الْاَرْضَ كَيْ ...... (۸) يَرْغَبُ التَّاجِرُ فِيْ اَنْ ......

(۹) يُؤْلِمُ الْعَيْنَ اَنْ ...... (۱۰) اَلتِّلْمِيْذُ الْكَسْلَانُ لَنْ ......

(۱۱) يَصْدُقُ التَّاجِرُ كَيْ ...... (۱۲) تُنْشَأُ الْفَنَادِقُ كَيْ ......

(۱۳) تُبْنَى السُّجُوْنُ كَيْ ...... (۱۴) لَا يَسْتَطِيْعُ الْاَعْمٰى اَنْ ......

مکمل جملے:

(۱) يَسُرُّنِيْ اَنْ تَزُوْرَنَا

(۲) يَاْكُلُ الْاِنْسَانُ كَيْ يَشْبَعَ

(۳) اَلْحَسُوْدُ لَنْ يَمْدَحَ

(۴) عَلَى الْمُسَافِرِ اَنْ يَقْتَصِدَ فِي الْإِنْفَاقِ۔

(۵) اِشْتَرَيْتُ مَنْزِلاً كَيْ اَسْكُنَ فِيْهِ

(۶) اِنْ عُدْتَ اِلَى الذَّنْبِ فَلَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُكَ

(۷) يَحْرِثُ الْفَلَّاحُ الْاَرْضَ كَيْ يَزْرَعَ فِيْهَا مَاشَاءَ

(۸) يَرْغَبُ التَّاجِرُ فِيْ اَنْ يَرْبَحَ۔

(۹) يُؤْلِمُ الْعَيْنَ اَنْ تَنْظُرَ اِلَى الشَّمْسِ

(۱۰) اَلتِّلْمِيْذُ الْكَسْلَانُ لَنْ يَنْجَحَ

(۱۱) يَصْدُقُ التَاجِرُ كَيْ يُحَبَّبَ اِلَى النَّاسِ

(۱۲) تُنْشَاءُ الفَنَادِقُ كَيْ يُنزِل اِلَيْهَا الْمُسَافِرُوْنَ

(۱۳) تُبْنَى السُّجُوْنَ كى يُحبَسُ فِيْهَا الْمُجْرِمُوْنَ

(۱۴) لَا يَسْتَطِيْعُ الْاَعْمٰى اَنْ يَهْتَدِىَ

تمرين ۳ (مشق نمبر ۳)

اَجِبْ عَنِ الْجُمَلِ الْآتِيَةِ بِجُمَلٍ تَبْتَدِئُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ مَسْبُوْقٍ بِاِذَنْ

آنے والے جملوں کا جواب دیں ایسے جملوں کے ساتھ کہ ہر ایک جملہ میں بعد میں آنے والا مضارع اِذَنْ کے ساتھ شروع ہو۔

(۱) سَاُهْدِيْ اِلَيْكَ كِتَابًا

(۲) سَاَزْرَعُ نَخْلاً كَثِيْرًا

(۳) سَاَمْتَنِعُ عَنِ الْمَزَاحِ

(۴) يَاْكُلُ عَلِيٌّ كَثِيْرًا

(۵) سَتَلْعَبُ فِرْقَتُنَا غَدًا

(۶) لَا يَنَامُ هٰذَا الطِّفلُ اِلَّا قَلِيْلًا

(۷) لَا يَدَّخِرُ هٰذَا الرَّجُلُ مِنْ مَالِهٖ شَيْئًا

(۸) سَتُمْطِرُ السَّمَآءُ بَعْدَ قَلِيْلٍ

(۹) تَبَيَّنَ لِيْ اَنَّ هٰذَا التَّاجِرُ كَذُوْبٌ

(۱۰) عَلِمْتُ اَنَّ صَدِيْقَنَا مَرِيْضٌ

جوابات:

(۱) اِذَنْ اَدْعُوَكَ

(۲) اِذَنْ تَجِدَ تَمْرًا كَثِيرًا

(۳) اِذَنْ يُكْرِمَكَ الرَّجُلُ

(۴) اِذَنْ يُصَابَ التُّخْمَةَ

(۵) اِذَنْ تَصِحَّ اَبْدَانُهُمْ

(۶) اِذَنْ يَضْعُفَ صِحَّتُهُ

(۷) اِذَنْ يَحْتَاجَ اِلَى النَّاسِ

(۸) اِذَنْ لَا نَخْرُجَ مِنْ بُيُوْتِنَا

(۹) اِذَنْ لَا اَشْتَرِىَ مِنْهُ شَيْئًا

(۱۰) اِذَنْ يَجِبُ عَلَيْنَا اَنْ نُعَالِجَهٗ

تمرین ۳ (مشق نمبر ۳)

ضَعْ فِي الْمَكَانِ الْخَالِيْ اَحَدَ الْحَرْفَيْنِ اَنْ، كَيْ وَاشْكِلْ آخِرَ الْمُضَارِعِ بَعْدَهُمَا

(۱) اُحِبُّ ...... اُسَافِرَ (۲) جِئْتُ ...... اُسَلِّمَ عَلَيْكَ

(۳) يَسُرُّنِي ..... اَنْجَحَ (۴) اَسْرَعْتُ ..... اُدْرِكَ الْقِطَارَ

(۵) يُولِمُنِي ..... تُعَذَّبُ الْحَيَوَانُ (۶) اَطَاعَ ..... يُحِبُّهٗ اَبُوْهُ

مکمل جملے:

(۱) اُحِبُّ اَنْ اُسَافِرَ

(۲) جِئْتُ كَيْ اُسَلِّمَ عَلَيْكَ

(۳) يَسُرُّنِي اَنْ اَنْجَحَ

(۴) اَسْرَعْتُ كَيْ اُدْرِكَ الْقِطَارَ

(۵) يُولِمُنِي اَنْ تُعَذَّبُ الْحَيَوَانُ

(۶) اَطَاعَ كَيْ يُحِبَّهٗ اَبُوْهُ

تمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

اَدْخِلْ لَنْ عَلٰى كُلِّ مضارعٍ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ وَاشْكِلْ آخِرَهٗ

آنے والے جملوں میں موجود فعل مضارع پر لن ناصبه کو داخل کرو اور اس کے آخر کو اعراب دیں۔

(۱) يَعُوْدُ الْغَائِبُ (۲) مُحَمَّدٌ يَتَاَخِّرُ فِي الصَّبَاحِ

(۳) اُسَافِرُ وَحْدِيْ (۴) اَلْمُذْنِبُ يَعُوْدُ اِلٰى ذَنْبِهٖ

(۵) اَخُوْكَ يَتَعَرَّضُ لِلْبَرْدِ (۶) اُبْطِئُ فِي الْمَشْيِ

حل:

(۱) لَنْ يَعُوْدَ الْغَائِبُ (۲) مُحَمَّدٌ لَنْ يَتَاَخَّرَ فِي الصَّبَاحِ

(۳) لَنْ اُسَافِرَ وَحْدِيْ (۴) اَلْمُذْنِبُ لَنْ يَعُوْدَ اِلٰى ذَنْبِهٖ

(۵) اَخُوْكَ لَنْ يَتَعَرَّضَ لِلْبَرْدِ (۶) لَنْ اُبْطِئَ فِي الْمَشْيِ

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

اِیْتِ بِثَمَانِ جُمَلٍ بِکُلٍّ مِنْهَا مُضَارِعٌ مَسْبُوْقٌ بِحَرفٍ نَاصِبٍ وَاسْتَوْفِ جَمِیْعَ الْاَحْرُفِ النَّاصِبَةِ

آٹھ ایسے جملے بنائیے کہ ان میں فعل مضارع کے شروع میں حروف نواصب موجود ہوں اور تمام حروف کو استعمال کریں۔

جملے:

(۱) یَسُرُّنِی اَنْ تُصَلِّیَ

(۲) اُرِیْدُ اَنْ اَذْهَبَ بِكَ فِی السَّفَرِ

(۳) لَنْ یَنْجَحَ الْحَاسِدُ

(۴) لَنْ اُعْطِیَكَ شَیْئًا حَتّٰی تُعْطِیَنِیْ حَقِّی

(۵) اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ

(۶) اَحْفَظُ دَرْسِیْ کَیْ اَنْجَحَ فِی الْاِخْتِبَارِ

(۷) اِذَنْ اُءَدِّبَكَ کَیْفَ یُحْتَرَمُ الْاُسْتَاذُ

(۸) لَا یَنَامُ خَالِدٌ اِذَنْ لَا یُصَلِّیَ الصَّلٰوةَ بِالْجَمَاعَةِ

۷۔ تمرین فی الانشاء (انشاء کے بارے میں مشق)

اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ الْآتِیَةِ بِجُمَلٍ یَشْتَمِلُ کُلٌّ مِنْهَا عَلٰی فِعْلٍ مُضَارِعٍ مَنْصُوْبٍ

آنے والے سوالوں کا فعل مضارع منصوب کے ساتھ جواب دیں۔

(۱) مَاالَّذِیْ تَخْشَاهُ اِذَا لَعِبْتَ بِالنَّارِ؟

(۲) هَلْ تُخَالِفُ اَوَامِرَ مُعَلِّمِكَ؟

(۳) مَاذَا تُحِبُّ اَكْلَهُ مِنَ الْفَاكِهَةِ؟

(۴) لِمَ دَخَلْتَ الْمَدْرَسَةَ؟

(۵) مَا تَقُوْلُ لِمَنْ قَالَ: سَأَخْتَارُ الْاَصْدِقَاءَ

(۶) لِمَ تَرُشُّ الشَّوَارِعَ بِالْمَاءِ؟

جوابات:

(۱) اَلَّذِیْ اَخْشَاهُ هُوَ اَنْ تَحَرَّ وَالنَّارُ اَثْوَابِیْ وَجَسَدِیْ

(۲) لَا اُخَالِفُ اَوَامِرَ مُعَلِّمِیْ كَیْ یَرْضٰی عَنِّیْ

(۳) اُحِبُّ اَنْ اٰكُلَ التُّفَّاحَ

(۴) دَخَلْتُ الْمَدْرَسَةَ كَیْ اَكُوْنَ حَافِظًا وَ عَالِمًا

(۵) اِذَنْ تَخْتَارَ زَیْدًا اَیْضاً فِی اَصْدِقَائِكَ

(۶) اِنَّمَا تَرُشُّ الشَّوَارِعَ بِالْمَاءِ لِیَجْمُدَ الْغُبَارُ

۸۔ تمرين في الاعراب (اعراب کے متعلق مشق)

(ل) نَمُوْذَج: نمونہ

(۱) اُرِیْدُ اَنْ یَحْضُرَ الْخَادِمُ — اُرِیْدُ ...... فعل مضارع ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ خادم حاضر ہو جائے۔ — اَنْ ...... حرف نصب ہے۔

(۲) لَنْ یُعَذِّبَ مُحَمَّدٌ نِالْحَیْوَانَ — یُعَذِّبُ ...... فعل مضارع ہے۔

محمد ہرگز جانور کو عذاب نہیں دے گا۔ — لَنْ ...... حرف نصب ہے۔

یَحْضُرَ۔ فِعْلٌ مَضَارِعٌ مَنْصُوْبٌ، مُحَمَّدٌ فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ۔ اَلْخَادِمُ فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ اَلْحَیْوَانَ۔ مَفْعُوْلٌ بِہٖ مَنْصُوْبٌ۔

یَحْضُرُ فعل مضارع منصوب ہے، مُحَمَّدٌ فاعل مرفوع اور خادم بھی فاعل مرفوع ہے۔ جب کہ اَلْحَیْوَانَ مَفْعُوْلٌ بِہٖ ہے اور منصوب ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الآتِيَتَيْنِ

آنے والے جملوں کا اعراب بیان کریں۔

(۱) جَلَسَ الْوَلَدُ كَيْ يَسْتَرِيْحَ لڑکا بیٹھا تاکہ راحت حاصل کرے۔

(۲) اِذَنْ يَذْهَبَ التَّعْبُ تب تھکاوٹ چلی جائے گی۔

جَلَسَ فعل ماضی ہے

الْوَلَدُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

كَيْ حرف ناصب ہے۔

يَسْتَرِيْحَ فعل مضارع منصوب ہے حرف ناصب کی وجہ سے

اِذَنْ حرف ناصب

يَذْهَبَ فعل مضارع مجزوم حرف ناصب کی وجہ سے

التَّعْبُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

☆☆☆

جَزْمُ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ (فعل مضارع کے جزم کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ:

(۱)	لَمْ يَحْفَظْ مُحَمَّدٌ دَرْسَهٗ	محمد نے اپنا سبق یاد نہیں کیا۔
(۲)	لَمْ يَنْقَطِعْ نُزُوْلُ الْمَطَرِ	بارش کا نزول نہیں رُکا۔
(۳)	لَمْ يَقْبِضْ اَحَدٌ عَلَى اللِّصِّ	کسی نے چور پر قابو نہ پایا۔
(۴)	لَا تَاْكُلْ وَ اَنْتَ شَبْعَانٌ	سیر ہونے کی حالت میں مت کھا۔
(۵)	لَا تُكْثِرْ مِنَ الضِّحْكِ	زیادہ مت ہنسو۔
(۶)	لَا تُسْرِعْ فِي السَّيْرِ	تیز مت چلو۔

(۷) اِنْ تَفْتَحْ نَوَافِذَ الْحُجْرَةِ يَتَجَدَّدْ هَوَاءُهَا

اگر تو کمرے کی کھڑیاں کھول دے گا تو اس کی ہوا تازہ ہو جائے گی۔

(۸) اِنْ تَجْلِسْ فِي مَجْرَى الْهَوَاءِ تَمْرَضْ

اگر تو ہوا کے گزرنے کے راستے میں بیٹھے گا تو بیمار ہو جائے گا۔

(۹) اِنْ يُّسَافِرْ اَخُوْكَ تُسَافِرْ مَعَهٗ

اگر تیرا بھائی سفر کرے تو بھی اس کے ساتھ سفر کرے گا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق):

يَشْتَمِلُ كُلُّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ السِّتَّةِ الْاُوْلٰى، عَلٰى فِعْلٍ مُضَارِعٍ قَبْلَهٗ اَحَدُ الْحَرْفَيْنِ "لَمْ ولا" وَ يَدُلُّ الْحَرْفُ الْاَوَّلُ عَلٰى نَفْيِ الْفِعْلِ فِي الزَّمَنِ الْمَاضِي، وَ يُفِيْدُ الْحَرْفُ الثَّانِي نَهْيَ الْمُخَاطَبِ عَنِ الْفِعْلِ۔

إِذَا تَأَمَّلْتَ آخِرَ كُلِّ مُضَارِعٍ مَسْبُوْقٍ بِأَحَدِ هٰذَيْنِ الْحَرْفَيْنِ فِي هٰذِهِ الْأَمْثِلَةِ وَ فِيْ غَيْرِهَا، وَجَدْتَهُ مَجْزُوْمًا، لٰكِنَّكَ إِذَا حَذَفْتَ هٰذَا الْحَرْفَ وَجَدْتَهُ مَرْفُوْعًا مِن ذٰلِكَ نَرىٰ أَنَّ كُلًّا مِنْ هٰذَيْنِ الْحَرْفَيْنِ إِذَا دَخَلَ عَلَى الْمُضَارِعِ جَزَمَ آخِرَهُ۔ وَ إِذَا تَأَمَّلْتَ الْأَمْثِلَةَ الثَّلَاثَةَ الْآخِيْرَةَ وَجَدْتَ كُلَّ مِثَالٍ مِنْهَا مَبْدُوءًا بِالْحَرْفِ "إِنْ" وَ مُشْتَمِلاً عَلَى الْفِعْلَيْنِ مُضَارِعَيْنِ مَجْزُوْمَيْنِ، حُصُولُ الْأَوَّلِ مِنْهَا شَرْطٌ فِي حُصُولِ الثَّانِي فَفَتْحُ النَّوَافِذِ فِي الْمِثَالِ الْأَوَّلِ مَثَلاً شَرْطٌ فِي تَجَدُّدِ الْهَوَاءِ وَالَّذِيْ أَفَادَ الشَّرْطَ وَ جَزَمَ كُلًّا مِنَ الْفِعْلَيْنِ هُوَ "إِنْ" وَ لِذٰلِكَ تُسَمَّى "إِن" حَرفُ شَرْطٍ وَ جَزْمٍ وَ يُسَمَّى الْفِعْلُ الْأَوَّلُ فِعْلُ الشَّرْطِ وَالْفِعْلُ الثَّانِي جَوَابُ الشَّرْطِ۔

آنے والی پہلی چھ مثالوں میں سے ہر مثال ایسے فعل مضارع پر مشتمل ہے کہ اس سے لم، لا دوحرفوں میں سے ایک حرف موجود ہے اور پہلا حرف گذشتہ زمانے میں فعل کی نفی پر دلالت کرتا ہے اور دوسرا حرف مخاطب کو کام سے روکنے کا فائدہ دیتا ہے۔

جب تو ان مثالوں میں اور ان کے علاوہ ان دو حرفوں کے بعد آنے والے فعل مضارع غور وخوض کرتا ہے تو فعل مضارع کو مجزوم پاتا ہے، جب اس حرف کو حذف کر دے تو اس کو مرفوع پائے گا اسی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں ان دونوں حرفوں میں ہر ایک جب فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے تو اس کے آخر کو جزم دیتا ہے۔ اور جب تو آخری تین مثالوں میں غور کرے تو اُن میں سے ہر ایک کو تو پائے گا کہ وہ حرف "إِنْ" سے شروع ہوتی ہے اور مضارع کے دو ایسے فعلوں پر مشتمل ہے جو کہ مجزوم ہیں ان میں سے پہلے کا حاصل ہونا دوسرے کے حاصل ہونے کے لیے شرط ہے پس پہلی مثال میں نوافذ کا کھلا ہوا

ہونا شرط ہے ہوا کے تازہ ہونے کیلئے اور وہ چیز جو کہ شرط اور جزم کا فائدہ دیتی ہے دوفعلوں میں سے ہر فعل میں وہ حرف "اِنْ" ہے، اسی وجہ سے اس کا نام حرف شرط اور جزم رکھا جاتا ہے اور پہلے فعل کا نام رکھا جاتا ہے شرط اور دوسرے فعل کا نام جواب شرط رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۱۴) يُجْزَمُ الْفِعْلُ الْمُضَارِعُ اِذَا سَبَقَهٗ حَرْفٌ جَازِمٌ كَالْحُرُوْفِ الْآتِيَةِ وَ هِيَ "لَمْ" وَ لَا النَّاهِيَةُ، وإِنْ۔

فعل مضارع کو جزم دی جاتی ہے جب اس سے پہلے آنے والے حروف کی طرح کوئی حرف جازم آجائے اور حروف جازم لَمْ، لا کے نہی اور اِنْ میں۔

(۱۵) لَمْ وَ لَا النَّاهِيَةُ تَجْزِمَانِ فِعْلاً مُضَارِعًا وَاحِدًا وَالْحَرْفُ الْاَوَّلُ يَنْفِي حُصُوْلَ الْفِعْلِ فِي الْمَاضِي۔ وَالثَّانِي يَنْهٰى عَنْ عَمَلِ الْفِعْلِ۔

لم اور لائے نہی فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، اور پہلا حرف ماضی میں فعل کے حصول کی نفی کرتا ہے، اور دوسرا فعل کو کرنے سے روکتا ہے۔

(۱۶) اِنْ، تَجْزِمُ فِعْلَيْنِ وَ تُفِيْدُ اَنَّ حُصُوْلَ الْفِعْلِ الْاَوَّلِ شَرْطٌ فِي حُصُوْلِ الْفِعْلِ الثَّانِي۔

کلمہ ان دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے اور اس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ پہلے فعل کا حاصل ہونا دوسرے فعل کے حاصل ہونے کے لیے شرط ہے۔

تمرینات (مشقیں)

تمرین ۱ (مشق نمبر۱)

عَيِّنِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمَجْزُوْمَةَ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ۔

آنے والے جملوں میں فعل مضارع مجزوم معین کریں۔

(۱) غَامَتِ السَّمَاءُ وَلَمْ تُمْطِرُ

(۲) لَمْ يَحْضُرْ عَلِيٌّ اَلْبَارِحَةَ

(۳) لَا تَتَعَوَّدْ كَثْرَةَ الْمِزَاحِ

(۴) لَا تَشْرَبْ وَ اَنْتَ تَعِبٌ

(۵) اَلْعُصْفُوْرُ لَمْ يُغَرِّدْ

(۶) اِنْ تَقْرُبْ مِنَ النَّارِ تَشْعُرْ بِحَرَارَتِهَا

(۷) اِنْ تُتْلِفْ شَيْئًا لِغَيْرِكَ تَدْفَعْ ثَمَنَهُ ۔

(۸) اِنْ تَضْرِبْ قِطًّا يَخْمِشْكَ

(۹) لَا تَبْلَعْ طَعَامًا قَبْلَ اَنْ تُجِيْدَ مَضْغَهُ

(۱۰) مَشَيْتُ كَثِيْرًا وَلَمْ اَتْعَبْ

حل:

(۱) تُمْطِرُ (۲) يَحْضُرُ (۳) تَتَعَوَّدْ (۴) تَشْرِبُ

(۵) يُغَرِّدْ (۶) تَقْرُبُ (۷) تُتْلِفُ (۸) تَضْرِبُ

(۹) تَبْلَعُ (۱۰) اَتْعَبُ

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

(ل) اَدْخِلْ "لَمْ" عَلَى الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ الَّتِي فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ وَاَشْكِلْ آخِرَ كُلِّ فِعلٍ

(۱) يُثْمِرُ الْبُسْتَانُ

(۲) يَحْضُرُ مُحَمَّدٌ مَعَ اَخِيْهِ

(۳) اُضَيِّعُ وَقْتًا فِي اللَّعِبِ

(۴) اَلْقِطَارُ يَتَاَخَّرُ عَنْ مَوْعِدِهِ

(۵) اَتَعَلَّمُ السِّبَاحَةَ
(۶) اَلْفَلَّاحُ يَحْلِبُ بَقَرَتَهُ

حل:

(۱) لَمْ يُثْمِرِ الْبُسْتَانُ
(۲) لَمْ يَحْضُرْ مُحَمَّدٌ مَعَ اَخِيْهِ
(۳) لَمْ اُضَيِّعْ وَقْتًا فِي اللَّعِبِ
(۴) اَلْقِطَارُ لَمْ يَتَأَخَّرْ عَنْ مَوْعِدِهِ
(۵) لَمْ اَتَعَلَّمِ السِّبَاحَةَ
(۶) اَلْفَلَّاحُ لَمْ يَحْلِبْ بَقَرَتَهُ

(ب) ضَعْ "لَا" النَّاهِيَةَ قَبْلَ كُلِّ فِعْلٍ مُضَارِعٍ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ وَاشْكِلْ آخِرَهُ.

لائے نہی کو آنے والے جملوں میں ہر جملے کے شروع رکھیں اور اس کو اعراب دیں۔

(۱) تُلَوِّثُ يَدَيْكَ بِالْمِدَادِ
(۲) تَضْرِبُ مَنْ هُوَ اَصْغَرُ مِنْكَ
(۳) تَشْرَبُ بَعْدَ الْجَرْيِ
(۴) تُتْلِفُ اَثَاثَ الْمَنْزِلِ
(۵) تَأْخُذُ مَا لَيْسَ لَكَ
(۶) تَلْبَسُ الْمَلَابِسَ الضَّيِّقَةَ

حل:

(۱) لَا تُلَوِّثْ يَدَيْكَ بِالْمِدَادِ

(۲) لَا تَضْرِبْ مَنْ هُوَ اَصْغَرُ مِنْكَ
(۳) لَا تَشْرِبْ بَعْدَ الْجَرْیِ
(۴) لَا تُتْلِفْ اَثَاثَ الْمَنْزِلِ
(۵) لَا تَأْخُذْ مَالَيْسَ لَكَ
(۶) لَا تَلْبَسِ الْمَلَابِسَ الضَّيِّقَةَ

تمرین (مشق نمبر ۳)

اَكْمِلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ بِوَضْعِ فِعْلٍ مُضَارِعٍ فِي كُلِّ مَكَانٍ خَالٍ وَاشْكِلْ آخِرَهُ

آنے والے جملوں میں خالی جگہوں میں فعل مضارع رکھ کر مکمل کریں اور اعراب دیں۔

(۱) اِنْ تُهْمِلْ فِي عَمَلِكَ...............
(۲) اِنْ تَسْتَحِمَّ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ...............
(۳) اِنْ .... تَنْدَمْ
(۴) اِنْ .... تَنَلِ الْجَائِزَةَ
(۵) اِنْ يَصْدُقِ التَّاجِرُ...............
(۶) اِنْ تَقْرَأْ كَثِيرًا ....
(۷) اِنْ تَأْكُلِ الْفَاكِهَةَ الْفَجَّةَ ....
(۸) اِنْ .... يَدَكَ بِالْمِدَادِ
(۹) اِنْ تَسْمَعْ نَصِيحَةَ وَالِدِكَ ....
(۱۰) اِنْ تُسَافِرْ ....

حل:

(۱) اِنْ تُهْمِلْ فِي عَمَلِكَ تَخْسَرْ
(۲) اِنْ تَفُزْ تَنَلِ الْجَائِزَةَ

(۳) اِنْ لَمْ تَنْجَحْ تَنْدَمْ

(۴) اِنْ تقراء كَثِيرًا تَسْمِقْ

(۵) اِنْ يَصْدُقْ التَّاجِرُ فَمَعَهُ اللّٰه

(۶) اِنْ تَسْتَحِم بِالْمَاءِ الْبَارِدِ تَمْرُضْ

(۷) اِنْ تَاكُلِ الْفَاكِهَةَ الْفَجَّةَ تَوَجَعُ بَطَنُكَ

(۸) اِنْ تلَوِّثُ يَدَكَ لَا تَكْتُبُ بِالْمِدَادِ

(۹) اِنْ تَسْمَعُ نَصِيحَةَ وَالِدِكَ يُحِبُّكَ جِدًّا

(۱۰) اِنْ تُسَافِرْ اُسَافِرْ

تمرین (مشق نمبر ۴)

(۱) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ بِلَمْ

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ اس میں فعل مضارع لَمْ کے ساتھ مجزوم ہو

(۱) لَمْ تَرْقُطُّ عَيْنِي (۲) لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

(۳) لَمْ تَنْصُرْنِي (۴) لَمْ اَكُ بَغِيًّا

(۵) لَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

(۲) اِيْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِّنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ بِلَا ءِ النَّاهِيَةِ

پانچ جملے ایسے بنائیے کہ فعل مضارع لائے نہیں کے ساتھ مجزوم ہو

(۱) لَا تَقْرَبُوْا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى

(۲) لَا تَدْخُلْ فِي الْبَيْتِ بِدُوْنِ الْاِجَازَةِ

(۳) لَا تُسْرِفُوْا

(۴) لَا تَضْرِبْ اَحَدًا

(۵) لَا تَفْتَحِ الْبَابَ

(۴) اِیْتِ بِخَمْسِ جُمَلٍ تَبْتَدِیءُ کُلٌّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا بِاِنْ

پانچ ایسے جملے بنایئے کہ ان میں ہر ایک ان کے ساتھ شروع ہو

(۱) اِنْ تَشْتِمْنِی لَا اَشْتِمْكَ

(۲) اِنْ تَاکُلْ اٰکُلْ

(۳) اِنْ تَسَافِرْ اُسَافِرْ

(۴) اِنْ تَحْفَظْ دَرْسَكَ تَنْجَحْ

(۵) اِنْ تُضَيِّعْ وَقْتَكَ تَخْسَرْ

تمرین (مشق نمبر ۵)

ضَعْ بَدَلَ کُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِیَةِ جُمْلَةً اُخْرٰی لَهَا فِی الْمَعْنٰی وَمُشْتَمِلَةً عَلٰی فِعْلٍ مُضَارِعٍ مَجْزُوْمٍ

آنے والے جملوں میں سے ہر جملے کے مقابلہ میں ایسا جملہ رکھیں کہ معنی میں اس کے برابر اور فعل مضارع مجزوم ہو

(۱) اُتْرُكِ الْمَزَاحَ

(۲) اِجْتَنِبْ مُرَافَقَةَ الْاَشْرَارِ

(۳) اِبْتَعِدْ عَنْ تَعْذِیْبِ الْحَیْوَانِ

(۴) اِمْتَنِعْ عَنْ اِهْمَالِ دُرُوْسِكَ

(۵) مَا اَرْسَلَ الْغَائِبُ رِسَالَةً اِلٰی اَهْلِهٖ

(۶) اِمْتَنِعْ عَنْ شُرْبِ الْمَاءِ الْكَدِرِ

(۷) مَا سَافَرَ مُحَمَّدٌ

(۸) ما لَعِبَ الْوَلَدُ

(۹) مَا اَکَلَ الْقِطُّ

(۱۰) مَا انْكَسَرَ الزُّجَاجُ

(۱۱) مَاحَرَثَ الْفَلَّاحُ اَرْضَهٗ

(۱۲) اُهْجُرِ الْكِذْبَ

حل:

(۱) لَا تَمْزَحْ

(۲) لَا تُرَافِقِ الْاَشْرَارَ

(۳) لَا تُعَذِّبِ الْحَيْوَانَ

(۴) لَا تُهْمِلْ دُرُوْسَكَ

(۵) لَمْ يُرْسِلِ الْغَائِبُ رِسَالَتَهٗ اِلٰى اَهْلِهٖ

(۶) لَا تَشْرَبِ الْمَاءَ الْكَدِرَ

(۷) لَمْ يُسَافِرْ مُحَمَّدٌ

(۸) لَمْ يَلْعَبِ الْوَلَدُ

(۹) لَمْ يَاكُلِ الْقِطُّ

(۱۰) لَمْ يَنْكَسِرِ الزُّجَاجُ

(۱۱) لَمْ يَحْرِثِ الْفَلَّاحُ اَرْضَهٗ

(۱۲) لَا تَكْذِبْ

تمرين في الانشاء (مشق نمبر۶) (انشاء کے متعلق مشق)

(۱) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ تُنْفٰى فِيْهَا صُدُوْرُ خَمْسَةِ اَعْمَالٍ

پانچ جملے ایسے بنایئے کہ ان میں پانچ اعمال کے ہونے کی نفی کی گئی ہو۔

(۱) لَمْ اٰكُلْ طَعَامًا يَوْمَ السَّبْتِ

(۲) لَمْ اَرَ زَيْدًا فِي الْمَدْرَسَةِ

(۳) لَمْ اَذْهَبْ اِلَى السُّوْقِ

(۴) لَمْ اَكْتُبِ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَبِىْ

(۵) لَمْ اَشْتَرِ ثَوْبًا لِغُلَامِىْ

(۲) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ فِي مَوْضُوعِ الْعَطْفِ عَلَى الْحَيْوَانِ تَكُوْنُ مَبْدُوْءَةً بِاِنْ۔

حیوان پر شفقت کے موضوع پر پانچ جملے ایسے بنایئے کہ جو اِنْ کے ساتھ شروع ہوں۔

(۱) اِنْ تَرْحَمِ الْحَيْوَانَ يَرْحَمْكَ اللّٰهُ تَعَالٰى

(۲) اِنْ لَمْ تَرْحَمِ الْحَيْوَانَ بِتَعْذِيْبِهٖ يُعَذِّبْكَ اللّٰهُ

(۳) اِنْ ضَرَبْتَ الْحَيْوَانَ ظُلْمًا تَكُنْ اٰثِمًا

(۴) اِنْ تَرْحَمْ عَلَى الْحَيْوَانِ يُوَانِسْكَ

(۵) اِنْ عَذَّبْتَ الْحَيْوَانَ وَلَوْ كَانَ هِرًّا فَقَدْ اَسْخَطْتَ اللّٰهَ

۷۔ تمرین فی الاعراب (اعراب کے متعلق مشق)

نَمُوْذَجٌ: نمونہ

حل:

(۱) لَمْ يُسَافِرْ فَرِيْدٌ

لم۔ حَرْفُ نَفْيٍ وَيَجْزِمُ	لم حرف نفی ہے جزم دیتا ہے۔
يُسَافِرْ، فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ	یسافر فعل مضارع مجزوم ہے۔
فَرِيْدٌ ۔ فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ	فرید فاعل مرفوع

(۲) اِنْ يَزْرَعْ عَلِيٌّ يَحْصُدْ — اگر علی کھیتی کرے گا تو کاٹے گا

ان حَرْفٌ يَجْزِمُ فِعْلَيْنِ	ان حرف دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔

يَزْرَعِ فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ يزرع فعل مضارع مجزوم ہے۔
عَلِيٌّ فَاعِلٌ مَرْفُوعٌ علی فاعل مرفوع ہے۔
يَحْصُدُ فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزَوْمٌ يحصد فعل مضارع مجزوم ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الآتِيَةَ
آنے والے جملوں کا اعراب بیان کرو۔

(۱) لَمْ يُبْصِرْ حَسَنٌ فِيْلاً حسن نے ہاتھی نہیں دیکھا۔
لَمْ يُبْصِرْ فعل مضارع مجزوم ہے حرف جازم کی وجہ سے۔
حَسَنٌ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔
فِيْلاً مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

(۲) لا تَمْزَحْ مذاق نہ کر
لا تَمْزَحْ فعل مضارع مجزوم لا کے نہی کی وجہ سے

(۳) اِنْ يَضْرِبِ السَّائِقُ الْحِصَانَ يَتَأَلَّمْ
اگر ہانکنے والا گھوڑے کو مارے گا وہ درد محسوس کرے گا۔
ان يَضْرِبْ فعل مضارع مجزوم ہے حرف جازم کی وجہ سے۔
السَّائِقُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع۔
الْحِصَانَ مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔
يَتَأَلَّمْ فعل مضارع مجزوم ہے جزا ہونے کی وجہ سے۔

☆☆☆

رَفْعُ الْفِعلِ الْمُضَارِعِ (فعل مضارع کے رفع کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ: (مثالیں)

(۱)	تَطِيْرُ الْحَمَامَةُ	کبوتری اڑتی ہے۔اڑے گی
(۲)	يَعُوْدُ الْمُسَافِرُ	مسافر لوٹے گا۔
(۳)	تَسِيْرُ السُّحُبُ	بادل چلیں گے۔
(۴)	يَنْزِلُ الْمَطَرُ	بارش نازل ہوگی۔
(۵)	يَثُوْرُ الْغُبَارُ	غبار (گرد) بلند ہوگا۔
(۶)	يَحْكُمُ الْقَاضِيْ	قاضی فیصلہ کرے گا۔

البحث (تحقیق):

اَلْاَفْعَالُ فِي الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ كُلُّهَا اَفْعَالٌ مُضَارِعَةٌ وَ اِذَا تَأَمَّلْنَا اَوَاخِرَهَا وَجَدْنَاهَا مَرْفُوْعَةً فَمَا سَبَبُ الرَّفْعِ؟

اَلسَّبَبُ اَنَّ هٰذِهِ الْاَفْعَالَ لَمْ يَتَقَدَّمْهَا شَيْئٌ مِنَ الْاَدَوَاتِ الَّتِي تُوجِبُ نَصْبَهَا اَوْ تُوجِبُ جَزْمَهَا۔ وَ لِذٰلِكَ اِرْتَفَعَتْ، فَخُلُوُّهَا مِنْ اَدَوَاتِ النَّصَبِ وَ اَدَوَاتِ الْجَزْمِ هُوَ سَبَبُ الرَّفْعِ۔

پہلے لائی گئی تمام مثالوں میں فعل مضارع کے افعال میں اور جب اس کے آخر میں غور کرتے ہیں تو ہم ان افعال کو مرفوع پاتے ہیں پس مرفوع ہونے کا سبب کیا ہے؟

فعل مضارع کے مرفوع ہونے کا سبب یہ ہے کہ اس کے شروع میں حروف جازمہ یا ناصبہ نہیں لائے گئے جو کہ جزم یا نصب کو لازم کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے مضارع مرفوع ہوگیا پس خالی چھوڑ دیا حروف ناصبہ اور جازمہ

سے پس یہی مرفوع ہونے کا سبب ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۱۷) يُرْفَعُ الْفِعْلُ الْمُضَارِعُ إِذَا لَمْ تَسْبِقْهُ أَدَاةٌ مِنْ أَدَوَاتِ النَّصَبِ أَوِالْجَزْمِ

فعل مضارع کو رفع دیا جاتا ہے جبکہ اس سے پہلے حروف نواصب اور جوازم میں سے کوئی حرف نہ ہو۔

تمرين ۱ (مشق نمبرا)

عَيِنِ الْأَ فْعَالَ الْمضارِعَةَ الْمَرْفُوعَةَ فِي الْجُمَلِ الآتِيَةِ وَبَيِّنْ سَبَبَ رَفْعِهَا

آنے والے افعال میں سے فعل مضارع کو متعین کریں اور اس کے مرفوع ہونے کا سبب بیان کریں۔

حل:

(۱) يَوَدُّ عَلِيٌّ أَنْ يَلْعَبَ بِالْكُرَةِ

(۲) يَشُدُّ الْأَطْفَالُ الْحَبْلَ

(۳) ذَهَبْتُ إِلَى الشَّجَرَةِ كَيْ أَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا

(۴) اَلثَّوْرُ يَحْرُثُ الْأَرْضَ

(۵) اَلْكَلْبُ تحرسُ الْمَنَازِلَ وَالْمَزَارِعَ

(۶) عَلَيْكَ أَنْ تَسْمَعَ النَّصِيْحَةَ

(۷) أُحِبُّ الْوَلَدَالَّذِی يَحْرِصُ عَلٰى نظَافَةِ ثِيَابِهِ

(۸) اَلْأَكْلُ الْكَثِيْرُ يُفْسِدُ الْمَعْدَةَ

(۹) سَقَطَ أَوْرَاقُ الْأَشْجَارِ فِي الْخَرِيْفِ

(۱۰) يَسْتَفِيْدُ الْأَنْسَانُ مِنْ قِرَاءَةِ الْكُتُبِ

حل:

اَلْاَفْعَالُ الْمُضَارِعُ سَبَبُ رَفْعِهَا

يَوَدُّ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يَشُدُّ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يَحْرِثُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يَحْرُسُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يَحْرِصُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يُفِيْدُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

تَسْقُطُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

يَسْتَفِيْدُ چونکہ شروع عامل ناصب جازم داخل نہیں ہوا۔

تمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

اَتْمِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةِ بِوَضْعِ فِعْلٍ مُضَارِعٍ مَرْفُوْعٍ فِي الْأَمْكِنَةِ الْخَالِيَةِ

آنے والے جملوں میں خالی جگہوں میں فعل مضارع کو رکھ کر مکمل کریں۔

(۱) الفلاح ...... القطن (۲) القط ...... الفارة

(۳) الحلاق ...... الشعر (۴) التاجر ...... اللَّبَنَ

(۵) اَلْمَرْأَةُ ...... الْحُجْرَةَ (۶) الْاَوَزُّ ...... فِي النَهْرِ

(۷) اَلْبُسْتَانِي ...... الشجَرَ (۸) اَلْوَلَدُ ...... الْمِصْبَاحَ

(۹) اَلْخَادِمُ ...... الْمَائِدَةَ (۱۰) اَلْبِنْتُ ...... الْوَرْدَةَ

حل: مکمل جملے

(۱) اَلْفَلَاحُ يَجْنِي الْقُطْنَ (۲) اَلْقِطُّ يَاْخُذُ الْفَارَةَ

(٣) اَلْحَلَّاقُ يُزَيِّنُ الشَّعْرَ (۴) التَّاجِرُ يَشْتَرِى اللَّبَنَ
(٥) اَلْمَرْأَةُ تَحْمِلُ الْجَرَّةَ (٦) الْاَوَزُّ تَغْسِلُ فِى النَّهْرِ
(٧) اَلْبُسْتَانِى يُهَذِّبُ الشَّجَرَ (٨) اَلْوَلَدُ يَشْتَرِىْ الْمِصْبَاحَ
(٩) اَلْخَادِمُ يَطْوِى الْمَائِدَةَ (١٠) اَلْبِنْتُ تَقْطِفُ الْوَرْدَةَ

تمرین ٣ (مشق نمبر٣)

(١) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ تَبْتَدِئُ كُلُّ جُمْلَةٍ مِنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ مَرْفُوْعٍ

پانچ جملے ایسے بنائیں ہر جملہ فعل مضارع مرفوع سے شروع ہو۔

(١) يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِى الصَّيْفِ
(٢) يُكْرِمُ الرَّجُلُ لِوَالِدَيْهِ
(٣) يَسْمَعُ خَالِدٌ نَصِيْحَتِى
(۴) تَطْلَعُ الشَّمْسُ
(٥) يَذْهَبُ اَبِى اِلَى السُّوْقِ

(٢) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ يَتَوَسَّطُ كُلاًّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ

پانچ جملے ایسے بنائیں کہ فعل مضارع ہر ایک کے درمیان میں ہو۔

(١) اَحْمَدُ يَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ
(٢) الطَّبِيْبُ يُدَاوِى الْمَرِيْضَ
(٣) مُحَمَّدٌ يَنُوْمُ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ
(۴) خَالِدٌ يَشْتَرِى الْكُتُبَ مِنَ السُّوْقِ
(٥) حَامِدٌ يَجِئُ مِنَ الْمَكَّةِ الْمُكَرَّمَةِ

تمرین ۴ (مشق نمبر۴)

عَيِّنِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمَرْفُوْعَةَ وَالْمَنْصُوْبَةَ وَالْمَجْزُوْمَةَ فِى

الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ

آنے والے افعال میں سے فعل مضارع مرفوع، منصوب اور مجزوم کی تعیین کریں۔

يَحْرُثُ الْفَلَّاحُ أَرْضَهُ قَبْلَ زَرْعِهَا كَيْ يَتَشَقَّقَ وَ لِكَيْ يَدْخُلَ الْمَاءُ وَالْهَوَاءُ فِي بَاطِنِهَا، وَ إِذَا لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ، فَإِنَّ الْمَاءَ يَقِفُ عَلٰى سَطْحِهَا وَ يَمُرُّ الْهَوَاءُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْفُذَ إِلٰى أَعْمَاقِهَا، وَ بِذٰلِكَ يَقِلُّ عَلَيْهَا وَ يَذْهَبُ تَعِبُ الْعَامِلِيْنَ فِيْهَا سُدًى۔

حل:

فعل مضارع مرفوع: يَحْرِثُ، يَقِفُ، يَمُرُّ، يَقِلُّ، يَذْهَبُ

فعل مضارع منصوب: تَتَشَقَّقَ، يَدْخُلَ، يَنْفُذَ

فعل مضارع مجزوم: يَفْعَلْ

۵۔ تمرين في الانشاء

(۱) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ مَوْضُوْعُهَا "اَلشَّمْسُ" فِي كُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهَا مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ۔

پانچ ایسے جملے بنائیے کہ ان کا موضوع سورج ہو اور ان میں فعل مضارع مرفوع ہو۔

(۱) اَلشَّمْسُ تَشْرِقُ الْعَالَمَ بِضَوْءِ هَا

(۲) اَلشَّمْسُ تَطْلَعُ مِنَ الْمَشْرِقِ كُلَّ يَوْمٍ

(۳) اَلشَّمْسُ تَغْرِبُ فِي الْمَغْرِبِ كُلَّ يَوْمٍ

(۴) اَلشَّمْسُ تَطْلَعُ مِنَ الْمَغْرِبِ عِنْدَ الْقِيَامَةِ

(۵) اَلشَّمْسُ تَسِيْرُ عَلٰى مَنَازِلِهَا كُلَّ يَوْمٍ

(۲) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ مَوضُوعُهَا الشَّارِعُ فِي كُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهَا مُضَارِعٌ مَرْفُوعٌ

پانچ جملے ایسے بنائیں کہ ان کا موضوع سڑک ہو اور ہر ایک جملہ مضارع مرفوع ہو۔

(۱) اَلشَّارِعُ يَكُوْنُ شَدِيْدُ الزِّحَامِ فِي النَّهَارِ

(۲) اَلشَّارِعُ يَكُوْنُ قَلِيْلُ الزِحَامِ فِي اللَّيْلِ

(۳) اَلشَّارِعُ تَسِيْرُ فِيْهِ السَّيَّارَاتُ

(۴) اَلشَّارِعُ يُثَارُ فِيْهِ النَّقْعُ وَالغُبَارَاتُ كَثِيْرًا

(۳) كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ مَوْضُوعُهَا الْمَطَرُ فِي كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنهَا مُضَارِعٌ مَرْفُوعٌ۔

پانچ جملے ایسے بنایئے کہ ان کا موضوع بارش ہو اور ہر ایک جملے میں مضارع مرفوع ہو۔

(۱) اَلْمَطَرُ يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ

(۲) اَلْمَطَرُ يُنبِتُ النَبَاتَ مِنَ الْاَرْضِ

(۳) اَلْمَطَرُ يَغْسِلُ الْاَشْجَارَ كُلَّهَا

(۴) اَلْمَطَرُ يَجْعَلُ الْجَوَّ صَافِيًا

(۵) اَلْمَطَرُ يُفِيْدُ كُلَّ شَيْءٍ فوقَ الْاَرْضِ وَتَحْتَ الْاَرْضِ مِنَ الْاِنْسَانِ وَالْحَيْوانِ

۲۔ تمرين في الاعراب (اعراب کے بارے میں مشق)

(ل) نموذج (نمونہ)

(۱) يَاكُلُ الثَّعْلَبُ الدَّجَاجَ — لومڑی مرغا کھاتی ہے۔

يَاكُلُ ...... فِعلٌ مضارعٌ مَرْفُوْعٌ — یاکل فعل مضارع مرفوع ہے۔

الثَّعْلَبُ ...... فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ الثعلب (لومڑی) فاعل مرفوع۔

الدُّجَاجُ ...... مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ الدجاج (مرغی، مرغا) مفعول بہ منصوب

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ (آنے والے جملوں کا اعراب بتاؤ)

يَنَامُ الطِّفْلُ بچہ سوتا ہے۔

يَنَامُ ...... فعل مضارع مرفوع ہے حرف ناصب و جازم سے خالی ہونے کی وجہ سے۔

اَلطِّفْلُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

يَحْرُسُ الْخَفِيْرُ الْمَنَازِلَ محافظ گھروں کی حفاظت کرتا ہے۔

يَحْرُسُ فعل مضارع مرفوع ہے حرف ناصب و جازم ہونے کی وجہ سے۔

اَلْخَفِيْرُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

اَلْمَنَازِلُ مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

يُحِبُّ الْوَلَدُ اَنْ يَلْعَبَ لڑکا چاہتا ہے کہ وہ کھیلے۔

يُحِبُّ فعل مضارع مرفوع ہے حرف ناصب و جازم سے خالی ہونے کی وجہ سے۔

اَلْوَلَدُ فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

اَنْ يَلْعَبَ فعل مضارع منصوب ان ناصبہ کے داخل ہونے کی وجہ سے۔

كَانَ وَ اَخَوَاتُهَا

(کان اور اس کے اخوات یعنی افعالِ ناقصہ کا بیان)

الامثلة:

(۱)	اَلزِّحَامُ شَدِيْدٌ	بھیڑ بہت ہے۔
	كَانَ الزِّحَامُ شَدِيْدًا	بھیڑ بہت تھی۔
(۲)	اَلْبَيْتُ نَظِيْفٌ	گھر ستھرا ہے۔
	كَانَ الْبَيْتُ نَظِيْفًا	گھر ستھرا تھا۔
(۳)	اَلثَّوْبُ قَصِيْرٌ	کپڑا چھوٹا ہے۔
	صَارَ الثَّوْبُ قَصِيْرًا	کپڑا چھوٹا ہوگیا۔
(۴)	اَلْبَرْدُ قَارِسٌ	سردی سخت ہے۔
	صَارَ الْبَرْدُ قَارِسًا	سردی سخت ہوگئی۔
(۵)	اَلْخَادِمُ قَوِيٌّ	نوکر طاقتور ہے۔
	لَيْسَ الْخَادِمُ قَوِيًّا	نوکر طاقتور نہیں ہے۔
(۶)	اَلْعَامِلُ نَشِيْطٌ	مزدور چست ہے۔
	لَيْسَ الْعَامِلُ نَشِيْطًا	مزدور چست نہیں ہے۔
(۷)	اَلنَّهْمُ مَرِيْضٌ	پیٹو بیمار ہے۔
	اَصْبَحَ النَّهْمُ مَرِيْضًا	پیٹو (صبح کے وقت) بیمار ہوگیا۔
(۸)	اَلْجَوُّ مُمْطِرٌ	فضا برسنے والی ہے۔
	اَصْبَحَ الْجَوُّ مُمْطِرًا	فضا (صبح کے وقت) برسنے والی ہوگئی۔

	عربی	اردو
(۹)	اَلْعَامِلُ مُتْعَبٌ	مزدور تھکا ہوا ہے۔
	اَمْسَى الْعَامِلُ مُتْعَبًا	مزدور (شام کے وقت) تھک گیا۔
(۱۰)	اَلزَّهْرُ ذَابِلٌ	پھول مرجھایا ہوا ہے۔
	اَمْسَى الزَّهْرُ ذَابِلًا	پھول (شام کو) مرجھا گیا۔
(۱۱)	اَلْغَمَامُ كَثِيْفٌ	بادل گھنا ہے۔
	اَضْحَى الْغَمَامُ كَثِيْفًا	بادل گھنا ہو گیا (صبح کے وقت)
(۱۲)	اَلشَّارِعُ مُزْدَحِمٌ	سڑک پر بھیڑ ہے۔
	اَضْحَى الشَّارِعُ مُزْدَحِمًا	سڑک پر بھیڑ ہو گئی (صبح کے وقت)
(۱۳)	اَلْمَطَرُ غَزِيْرٌ	بارش موسلا دھار ہے۔
	ظَلَّ الْمَطَرُ غَزِيْرًا	بارش موسلا دھار ہو گئی۔
(۱۴)	اَلْغُبَارُ ثَائِرٌ	غبار اُڑا ہوا ہے۔
	ظَلَّ الْغُبَارُ ثَائِرًا	غبار اڑتا رہا۔
(۱۵)	اَلْمِصْبَاحُ مُتَّقِدٌ	چراغ روشن ہے۔
	بَاتَ الْمِصْبَاحُ مُتَّقِدًا	چراغ پوری رات روشن رہا۔
(۱۶)	اَلْمَرِيْضُ مُتَأَلِّمٌ	مریض تکلیف میں ہے۔
	بَاتَ الْمَرِيْضُ مُتَأَلِّمًا	مریض نے رات تکلیف سے گذاری۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

كُلُّ مِثَالٍ فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ يَتَأَلَّفُ مِنْ مُبْتَدَاٍ وَ خَبَرٍ وَ هُمَا مَرْفُوْعَانِ كَمَا عَلِمْتَ وَ اِذَا نَظَرْتَ اِلَى الْقِسْمِ الثَّانِي رَأَيْتَ الْاَمْثِلَةَ عَيْنَهَا بَعْدَ اَنْ دَخَلَ عَلَى كُلٍّ مِنْهَا اَحَدُ الْاَفْعَالِ: كَانَ، صَارَ، لَيْسَ، اَصْبَحَ، اَمْسَى، اَضْحَى، ظَلَّ، بَاتَ، وَ اِذَا تَاَمَّلْتَ اَوَاخِرَ الْاَسْمَاءِ فِي

